مجھے پتہ تھا..... جب میں ..... پردہ ہٹاؤں گا

تو پھر کچھ لوگ جذبات میں آئیں گے میں نے پہلے سے ہی کہا جذبات میں نہیں آنا..... تاکہ انتظامیہ کو پتہ چلے، حکمرانوں کو پتہ چلے کہ آ کر وجہ کیا ہے او میرے بھائیو اب اگلی بات کرتے ہیں۔

آج کونسی بات ہے جس نے بچوں کی محبت چھین لی

کونسی بات ہے جس نے زندگی کا مزہ چھین لیا

کونسی بات ہے جو تڑپائے پھرتی ہے

کونسی بات ہے جو مچلتی ہے ..... صرف ایک بات ذہن میں ہے کہ اگر یہ حوالے سچ ہیں، یہ حقیقت ہے تو یہ حوالے لکھنے والا اور پھر یہ حوالوں کی کتابیں اسلام کے نام پر پوری دنیا میں جا رہی ہیں..... میرے بھائیو..... لوگ کچھ نہیں بولیں میں کہتا ہوں تھوڑی دیر کے لیے سوچو آج ہم خاموش ہو جاتے ہیں..... سپاہ صحابہؓ چپ ہو جاتی ہے آج کوئی کچھ بیان نہیں کرتا یہ حوالے اسلام کے نام پر، دین کے نام سے، شریعت کے نام سے،

اسلام کے نعرے کے نام سے دنیا میں جا رہے ہیں آنے والی نسلیں اسلام کے نام پر، دین کے نام پر انہیں پڑھیں گی، وہ یہ پڑھ کر سمجھیں گی کہ شاید دین اسی کا نام ہے کہ صحابہؓ ایسے تھے..... ہو سمجھیں گی کہ شریعت اسی کا نام ہے کہ صحابہؓ کو مرتد کہا جا رہا ہے اسلام کے نام پر صحابہؓ کو کافر و زندیق کہا جا رہا ہے او..... کوئی ساتھ دے یا نہ دے میں صحابہؓ کو اسلام کے نام پر کافر نہیں کہنے دیتا۔

توجہ کیجئے..... توجہ ہے؟ ڈر تو نہیں گئے ہو؟ نہیں

جے ڈرنے آلے ہوندے تے، ہن تک سپاہ صحابہؓ وچ اندے ہی ناں۔

(فرمایا کہ اگر ہم ڈرنے والے ہوتے تو اس جماعت سپاہ صحابہؓ میں اب تک آتے ہیں نا)

میرے بھائیو! ہم نے تو وہاں جا کر جلسہ کیا ہے جس جگہ پچھلے سال ہم نے لاہور میں لاشے اُٹھائے تھے چوبرجی گراؤنڈ لاہور میں اس سال بھی وہاں جلسہ کیا۔

آخری بات:

میرے بھائیو! ایک ہمارا پروگرام ہے ایک نصب العین ہے (میری جماعت کا کوئی ساتھی ہرگز فائرنگ نہ کرے جو فائرنگ کرے گا میں اسے اپنی جماعت کا نہیں سمجھوں گا ہم تو دلائل کی جنگ لڑ رہے ہیں میں نے تو پہلے کہا ہے کہ کہہ دو کہ ہم دلائل کی جنگ ہار گئے ہیں تو پھر گولی سے نمٹ لیں گے (ان شاء اللہ)

آج ہم جلسہ کرتے ہیں کل تم جلسہ کر لینا آج میں نے حقائق بیان کیے ہیں کل تم حقائق بیان کر دینا کل اسی جگہ تم جلسہ کر لو آج میں کر رہا ہوں میں نے چار حوالے دیئے ہیں۔

تم وہ کتابیں اُٹھا کر کہنا کہ اعظم طارق نے غلط کہا تھا

CamScanner

تم وہ کتابیں اُٹھا کر کہنا کے حوالے غلط دیئے تھے

تم وہ کتابیں اُٹھا کر کہنا کہ اعظم طارق نے جھوٹ بولا تھا

تو میں یہاں کی انتظامیہ سے کہتا ہوں کہ وہ مجھے گرفتار کرے میں یہاں کی حکومت کو لکھ کر دیتا ہوں کہ میرا خون معاف ہے ''میں یہاں لکھ کر دے کر جاتا ہوں کہ مجھے گھنٹہ گھر میں گولی ماردی جائے۔'' تم تو دلائل کی جنگ لڑتے ہیں۔

میرے بھائیو! آیئے میں نے عرض کیا ہے میں نے کہا ہے کہ آپ نے فیصلہ کل رات کرنا ہے..... وہ کیا کرنا ہے کہ جس شخص نے صحابہؓ کو کافر لکھا ہے معاذ اللہ استغفر اللہ یہ حوالے اگر صحیح ہیں یہ سب کچھ لکھا گیا ہے آج یہ اسلام کے نام پر پھیل رہا ہے آیئے غور کرنا ہے غور یہ کرنا ہے کہ اگر آج ہم چپ ہو جائیں آنے والی نسلیں ان کتابوں کو اسلام کے نام پر پڑھیں گی وہ اس لٹریچر کو اسلام سمجھیں گی وہ لٹریچر پڑھ کر معاذ اللہ صحابہؓ کو کافر سمجھیں گی ہم اپنی آنے والی نسلوں کو۔

آج براعظم .....افریقہ کے

آج براعظم ..... ایشیاء کے

آج براعظم .....امریکہ کے

آج براعظم .....انڈیا کے

آج ایشیا کی چھ اسلامی ریاستوں کے جہاں یہ لٹریچر اسلام کے نام پر جس میں صحابہؓ کی توہین ہے صحابہؓ کے اوپر کفر کے فتوے ہیں آج یہ اسلام کے نام پر جا رہا ہے ہم پوری دنیا میں کفر کو اسلام کے نام پر نہیں پھیلنے دیں گے۔

میرے بھائیو!

زندہ ہیں تو ان شاء اللہ پھر باتیں ہوں گی میں نے آپ کے سامنے جو کچھ کہنا تھا بڑے سادے انداز میں کہہ دیا ہے۔

وآخر دعوانا الحمدللہ رب العالمین.

CamScanner

عنوان = شانِ صدیقِ اکبرؓ

بمقام = اٹک

بتاریخ = ۲۲ جمادی الثانی ۱۴۲۱ھ

الحیدری میڈیا

سیل

الحمدُ اللّٰہ رَبِّ الْعَالَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْاَنْبِیَا وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَمَنْ تَبِعَھُمْ اَجْمَعِیْن

اَمَّا بَعْد

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

فَاِنْ اٰمَنُو بِمِثْلِ مَا اٰمَنْتُم بِہٖ فَقَدِا اھْتَدَوا فَاِنْ تَوَلَّوْ فَاِنَّمَا ھُمْ فِی شِقَاق

فَسَیَکْفِیْکُھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم پارہ نمبر(1) آخری رکوع

وَقَالَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی فِی مَقَامٍ اٰخِرْ

وَسَیُجَنَّبُھَا الْاَتْقَی الَّذِی یُؤْتِی مَالَہٗ یَتَزَکّٰی وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَہٗ مِنْ نِّعْمَۃٍ تُجْزٰی

اِلَّا الابْتِغَاءِ وَجْہِ رَبِّہِ الْاَعْلٰی وَلَسَوْفَ یَرْضٰی؟

قَالَ النبیُّ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ .

لَوْ کُنْتُمْ مُتَّخِذًا قَلِیْلًا لَا تَّخَذتُمْ لَوَایَۃ ؟

انتہائی قابل صد احترام حضرات علماء اکرام محترم مکرم بزرگو، دوستو، نوجوان ساتھیو، سپاہ صحابہ کے غیور کارکنوں! اللہ کے فضل و کرم خصوصی کرم کے ساتھ غداروں کی تمام تر ناپاک سازشوں اور حکومت کی تمام تر کوششوں کے باوجود آپ حضرات کے سامنے تمام رکاوٹیں دور کر کے حاضر ہو رہا ہوں۔ یقیناً آپ حضرات بھی سننا چاہیں گے کہ کس حالت میں میں آپ تک آیا ہوں۔ میں گزشتہ روز شمالی علاقہ جات چلاس میں تھا کل صبح چلاس میں خطاب کے بعد قوملا دس میں ظہر کے بعد تفصیلی خطاب تھا رات مغرب کے بعد خوشاب میں بہت بڑا جلسہ تھا صبح ہری پور ہزارہ میں ایک جلسہ میں خطاب کرنے کے بعد مجھے پشاور جا کر ایک جلوس کی قیادت کرنا اور ایک کانفرنس سے خطاب کرنا تھا لیکن یونہی اٹک کی سرحد پر ہری پور سے پہلے ہمارے ضلع کو پولیس کے افسران وہاں تشریف فرما تھے۔ اور یہ فرمایا کہ آپ کے ضلع میں داخل ہونے پر پابندی ہے۔ لیکن آپ حضرات حیران ہونگے کہ میں آپ حضرات کے سامنے کھڑا ہوں اور ابھی تک میرے پاس پابندی کا کوئی آڈر نہیں لایا گیا۔ کوئی پابندی کا آڈر میرے سامنے نہیں آیا۔ قانونی طور پر اب تک مجھ پر کوئی پابندی نہیں ہے میں نے انہیں کہا کہ

میں نے پشاور جانا ہے مجھے دیر ہو رہی ہے۔ بڑے سمجھانے کے بعد حسن ابدال کے ڈی ایس پی نے اپنی گاڑی میں بیٹھا کر مجھے پشاور کی سرحد پل پر اتارا جہاں سے دوسری گاڑیاں لیکر سرحد چلی گئی وہاں سے واپسی پر میں آپ کو صلح بتاتا ہوں میرا کوئی ارادہ یہاں آنے کا نہیں تھا آپ کے شہر کے اسسٹنٹ کمشنر صاحب سے میری تفصیلی گفتگو ہوئی انکا کہنا تھا کہ بہت ساری رکاوٹیں ہیں کوئی دہشت گردی ہو سکتی ہے تخریب کاری کا امکان ہے۔ اس دفعہ آپ نہ آئیں میں حیران تھا شکر درہ میں دہشت گردی اور تخریب کاری کیسے ہو جائے گی۔ لیکن مجھے کیا معلوم کہ بعض لوگوں نے یہاں غداری کا راستہ اختیار کرتے ہوئے افسران بالا کے ذہن اس طرح بھر دیئے نا جانے ان سے کیا کیا وعدے کیے ہونگے۔ بغیر کسی وجہ کے روکنے کی کوشش کی جاتی رہی چنانچہ اٹک کے پل سے ایک مرتبہ پھر ہمارے ڈی ایس پی صاحب نے پھر گاڑی میں بٹھایا مجھے نہیں معلوم وہ سارے راستے کسی اعظم طارق سے گپیں ہانکتے رہے بہر حال وہ جیسے اعظم طارق جانتے تھے یہ سمجھتے تھے اسے انہوں نے راولپنڈی کی پولیس کے حوالے کر دیا اور وہ اعظم طارق وہاں چلا گیا اور میں اعظم طارق یہاں آ گیا ہوں (نعرہ تکبیر اللہ اکبر آ گیا بھی چھا گیا اعظم طارق آ گیا آ گیا بھی چھا گیا اعظم طارق آ گیا)

اب جب غداروں نے فون کیا ہوگا سر وہ تو آ گیا وائرلس پوچھ رہیں ہونگے ہاں بھئی وہ کہاں ہے وہ کہہ رہے ہونگے سر وہ تو موٹروے پر جا رہا ہے۔ اب موٹروے پر جانے والا اعظم طارق اصلی ہے یہ آپ کے سامنے کھڑے ہونے والا اعظم طارق اصلی ہے۔ اس کا فیصلہ تو آپ ہی کریں گے۔ بہر حال درمیان والی بات میں نہیں بتاتا کہ گڑ بڑ کہاں سے ہوئی۔ آپ یقین جانیں میری آج کل پالیسی نہیں ہے۔ میں ہر ضلع کی انتظامیہ پولیس سے

تعاون کرتا ہوں اور موجودہ حکومت سے ہماری کوئی لڑائی اور کوئی جھگڑا نہیں ہے لیکن خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جب مجھے پولیس کے ذمہ دار افسر نے کہا اس نے کہا مولانا صاحب آپ کو روکوانے والا خدا کی قسم شیعہ نہیں ہے۔ آپ کو روکوانے والا کوئی دشمن نہیں ہے۔ آپ کو روکوانے والا آپ ہی میں سے ہے۔ اس وقت میرے دل نے فیصلہ کیا اب تو میں نے جانا ہی جانا ہے (مسلمانوں کا وزیراعظم طارق اعظم طارق آئے گا بھی آئے گا اعظم طارق آئے گا) میں اب بھی کہتا ہوں مجھے ڈپٹی کمشنر اٹک تمام انتظامیہ اور پولیس افسران سے کوئی شکایت نہیں اور میں پوچھتا بھی رہا بعض افسران سے میں نے پوچھا شکر درہ کی پوزیشن کیا ہے کہنے لگے وہاں کوئی جلسہ نہیں ہو رہا میں نے کہا وہاں جلسہ ہو رہا ہے۔ جب جلسہ وہاں ہو رہا ہے عوام وہاں جمع ہے تقریریں وہاں ہو رہی ہے۔ سوال یہ ہے کہ میرے جانے سے وہاں تکلیف کیا ہے۔ میرے جانے سے کیا ہوگا۔ میں کہنا چاہتا ہوں اللہ کے فضل وکرم سے جہاں جا رہا ہوں میرے جانے سے حالات پر امن ہو رہے ہیں میرے جانے سے اگر معاملات مخدوش ہوں یا جذبات مشتعل ہو؟ میں تو حکومت سے کہہ رہا ہوں جہاں تمہیں اشتعال نظر آئے مجھے بلاؤ ان شاء اللہ العزیز میرے کارکنوں کا اشتعال ختم ہو جائے گا ؟ لیکن پابندیاں لگا کر راستے روک کر جب دشمنوں کو خوش کرنے کیلئے؟ جب ہمارے راستے روکے جائیں گے؟ پھر کاوٹوں کو توڑیں گے ہم ان شاء اللہ دوستو کیا بیان کرنا ہے مجھے یہاں آ کر میں نے کیا بیان تھا؟ کسی کو گالی نہیں دیتے؟ ہم یہاں کوئی ہنگامہ فساد نہیں کرتے آج 22 جمادی الثانی ہے اور آج 22 جمادی الثانی کے حوالے سے ہمارا عنوان متعین ہے یہ وہ دن ہے جس روز خلیفہ اول بلافصل (اشرف البشر بعد الانبیاء)

یار غار رسول رفیق پیغمبر سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آج کا دن آپ کا یوم وفات ہے۔ سپاہ صحابہؓ پورے ملک میں 22 جمادالثانی کو مدح صحابہ کے جلوس نکالتی ہے۔ جلسہ کرتی ہے۔ سیمینار کرتی ہے۔ کراچی سے لیکر اٹک تک آج جلوس نکلیں ہیں پشاور میں خود جلوس کی قیادت کر کے آ رہا ہوں ایک بڑے جلسے سے خطاب کر کے آ رہا ہوں کیا ہوا کوئی جھگڑا کوئی فساد کوئی لڑائی کوئی بد امنی نہیں تو اٹک جیسی پر زمین پر کہا ہو جاتا۔ تو میں پوچھتا ہوں۔ اب کیا ہو گیا۔ میرے آنے سے کوئی بم دھماکے ہو گئے ہیں میرے آنے سے کوئی گولی چل گئی ہے۔ نہیں میرے آنے سے زمین آسمان پر چلی گئی کچھ نہیں ہونا تھا اور نہ کچھ آئندہ ہو گا۔ ان شاء اللہ اور ایسے ہاتھ توڑ کر رکھیں دیں گے جو ہاتھ وطن عزیز کی سلامتی کے خلاف اٹھیں گے۔

سپاہ صحابہ اسلام کی اسلامی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کیلئے بھی ہے۔ اور سپاہ صحابہ پاکستان کی سرحدوں کی محافظ جماعت کا نام ہے۔ تو میں عرض کر رہا تھا آج 22 جمادالثانی ہے آج کا دن اس عظیم شخصیت کے ساتھ۔

جس سے پیغمبر نے فرمایا۔ اے ابوبکر دنیا میں جس نے مجھ پر احسان کیا ہے میں محمدؐ نے اس کے احسانوں کا بدلہ اس سے بڑھ کر دیا جس نے احسان کیا میں نے اس کے احسان کا بدلہ ..... مگر ابوبکر تیرے احسان مجھ پر اتنے ہیں کہ تیرے احسان کا میں بدلہ ..... قیامت کا دن ہو گا۔ تو میں بارگاہ خدا میں لیکر تجھے حاضر ہوں گا خدا سے عرض کروں گا۔ اللہ ابوبکر کے احسانوں کا بدلہ دے چکے۔ وہ عظیم شخصیت جسے رسول اللہ کی ایسی رفاقت نصیب ہوئی کہ اس رفاقت کا ذکر خدا کے قرآن نے اپنے سینے میں محفوظ کر لیا۔

لوگو اگر تم میرے رسول کی مدد نہیں کرتے تو نہ کرو نصرت نہیں کرتے تو نہ کرو؟ خدا اپنے رسول کی نصرت خود کرنے والا ہے۔

(اذا اخرجه الذين كفرو ثانى اثنين اهو فى الغار)

اِذْاَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْهُمَا فِى الْغَارِ (پارہ نمبر 10 رکوع 12)

وہ وقت یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کی نصرت کی ظالموں کے گھیرے سے نکالا؟ خدا جب نکالنا چاہے تو کون روک سکتا ہے۔ (کوئی نہیں) سارے راستے کھلے ہوئے تھے ہم نے تو کوئی راستہ بند نہیں دیکھا آج سارا دن راستے بند رہے؟ اور جب ہم آئے تو راستے کھلے ہوئے تھے۔ آیت الکرسی پڑھ لو پھر کوئی دیکھ ہی نہیں سکتا۔ ایمان ہونا چاہیے۔ مولوی صاحب نے تقریر کی کہ بھائی بسم اللہ پڑھ دریا سے گزر جاؤ تو دریا بھی راستہ چھوڑ دیتا ہے۔ بکریوں کا چرواہا تھا اس نے کہا کتنا ہی آسان نسخہ مل گیا میں روانہ دو کلومیٹر کا چکر کاٹ کر پل کے اوپر سے جاتا ہوں۔ بسم اللہ پڑھو دریا سے گذر جاؤ روزانہ بسم اللہ پڑھتا اور دریا سے گذر جاتا۔ تو مولوی صاحب سے آ کر کہتا شکریہ جناب آپ کا شکریہ آپ کا آپ نے بڑا آسان نسخہ بتا دیا کہنے لگے (کیا) کہنے لگا بسم اللہ پڑھ کر دریا پار کر لیتا ہوں مولوی صاحب کہنے لگے اچھا واقعی ایسا ہو جاتا ہے۔ غدار کیا جانے بہادری کیا ہوتی ہے۔ غدار کیا جانے اندھیروں میں راستے کیسے بنتے ہیں پابندیوں میں آنا کیسے ہوتا ہے۔ چنانچہ مولوی صاحب کہنے لگے مجھے بھی لے چلو۔ چلے گئے۔ پڑھو بسم اللہ پڑھ لی کہنے لگے رسے رُستے بن کتے ڈوب ہی نہ جاواں۔ یہ تو یقین ہے۔ خدا پہ بھروسہ کرو اللہ پر اعتماد کرو سب مشکلیں حل ہو جائیں گی۔ میں نے فون کیا یہاں سے کوئی چالیس پچاس کلومیٹر دور جب چلنے لگا فون تو

کرو۔ جلسہ بھی ہو رہا ہے۔ یہ نہیں کہنے لگے۔ جی جلسہ تو ہو رہا ہے۔ میں نے کہا پتہ تو کرو فون کیا کسی دوکان میں کیا جلسہ ہو رہا ہے۔ کہنے لگا جلسہ تو ہو رہا ہے۔ میں نے کہا کوئی رکاوٹ تو نہیں کہنے لگا کوئی رکاوٹ نہیں راستے میں پھر میں نے کہا پھر انشاء اللہ آئے کہنے لگا کون بول رہے ہو میں نے کہا طارق بول رہا ہوں کہنے لگا آگے پیچھے میں نے کہا آگے پیچھے وہاں آ کر بتاؤں گا۔ میں نے کہا میں نے تم سے اتنا پوچھنا تھا کہ جلسہ ہو رہا ہے یا نہیں۔

حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کسی کی نصرت کیلئے چلے تو اللہ نے کافروں کے گھیرے سے نکالا پھر سیدنا صدیق اکبر کے دروازے پر آئے۔ آقا کو لیکر چل پڑے۔ راستے میں وہ لمحات بھی آئے عرض کیا آقا رات کی تاریکی ہو پاؤں میں جوتا بھی نہ ہو آپ کے نازک قدموں میں پتھر لگے۔ آپکے پاؤں مبارک زخمی ہو تو پھر ابو بکر کے ساتھ ہونے کا فائدہ کیا۔ ساتھ میرا یہ ہے۔ میرے کندھے پر سواری فرمایئے میں آپ کو غار تک لے چلتا ہوں آقا کندھے پر سوار سوار ہوئے یہ کون شخص ہے جو کندھوں پہ سوار ہوئے ہے۔ روایات میں آتا ہے جب رسول اللہ فاتح بن کر مکہ مکرمہ میں تشریف لائے۔ آپ بیت اللہ کے اندر داخل ہوئے کہ بتوں کو گرا دیں صحیح روایات کے مطابق آپ نے اپنے نواسے حضرت علی ابن ابو العاص جو زینب کے بیٹے تھے ان کو اپنے کندھے پر چڑھایا اور بت گرا دیئے اور بعض روایات میں آتا ہے کہ حضرت علی کو۔ حضرت علی کی بات آتی ہے تو عقل میں بھی بات آتی ہے آپ نے اپنے نواسے کو بچے کو کندھوں پر چڑھایا کہ اتار دو۔ لیکن بعض روایات میں آتا ہے۔ حضرت علی کو فرمایا کہ میرے کندھوں پر چڑھ کر بتوں کو اتار دو۔ کہا آقا کیوں نہیں۔ آپ میرے کندھوں پر سوار ہو جائیں۔ فرمایا علی۔ نبوت کا وزن نبوت کا بھار کوئی نہیں برداشت کر

سکتا۔(نعرۂ تکبیر اللہ اکبر مصطفیٰ کا ہم سفر ابو بکر ابو بکر) یہ ابو بکر ہی ہے جس نے نبوت کا بھار اٹھایا۔ نبوت اٹھا کر چل پڑا غار میں جا کر کس طرح صفائی کی۔ کس طرح سوراخ بند کیے۔ تین روز تک غار میں رسول اللہ کا غار میں اکیلا دیدار کرنے والا ابو بکر صدیق۔

(مصطفیٰ کا ہم سفر ابو بکر ابو بکر مصطفیٰ کا ہم سفر ابو بکر ابو بکر)

جیل میں گزشتہ سال رہا ہو کر آئے تو ساتھی کہنے لگے نرم لہجہ کر لیا ہے۔ میں نے کہا بھئی آپ کسے کہتے ہیں صدیق اکبر کا دشمن کافر ہے۔

نرم ہو گئے ہیں میں نے کہا کہ پہلے سے بھی زیادہ سخت ہو گیا ہوں کہنے لگے کیسے میں نے کہا پہلے تو کہتا تھا سیدنا صدیق اکبر کی عظمت کا دشمن کافر ہے۔ اب میں کہتا ہوں جو سیدنا صدیق اکبر کی جوتی کا منکر ہے وہ بھی کافر ہے۔ پہلے بات عظمت کی تھی لیکن اب میں کہتا ہوں صدیق اکبر کی جوتی کا منکر بھی کافر ہے۔ آپ کی جوتی کی شان کا منکر بھی کافر ہے۔ یہ بات کوئی خطیبانہ انداز نہیں یہ بات محض کسی مقرر کی بھڑک نہیں یہ بات اس لیے کہتا ہوں کہ اس کی جوتی کا مقام سمجھو بھئی بات نسبت کی ہوتی ہے۔ دیکھو میرا آنا ہی آپ کے لیے کافی ہے۔ میں مسلسل سفر کرتا رہا ہوں آج کے دن کی یہ تیسری تقریر ہے۔ سفر کا آپ اندازہ لگائیں کہاں چلاس ہے کہاں یہاں ہے پھر بلوچستان کا سفر کرنا ہے۔ پورا جسم ہلا ہوا ہے آپ کے لیے یہ ہی کافی ہے کہ میں یہاں آ گیا ہوں۔ دو چار باتیں سن لیں نسبت کی بات ہے۔

نعرہ تکبیر اللہ اکبر سپاہ صحابہ زندہ باد۔

آپ نے تو اس لیے ساری رات بات سننی ہے کہ ساری رات سونا ہے میں نے

باقی رات بھی جاگنا ہے اور صبح جمعہ بھی پڑھنا ہے اور آگے بلوچستان بھی جانا ہے۔ ہم تو روزانہ ہی جاگتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہ میں ہماری اس محنت کو قبول فرمائے۔ نسبت کی بات ہو رہی تھی ہم صحابہ کرامؓ کے سپاہی ہیں ہماری نسبت صحابہؓ کی طرف ہے اور صحابہؓ کی نسبت مصطفیٰؐ کی طرف ہے وہ آقاؐ کے صحابہ ہیں نسبت کی بات آئی تو مکہ کے موچی نے ایک جوتی سی دی مکہ کا موچی ایک جوتی سی رہا تھا وہ نہیں جانتا تھا کہ جوتی کہاں جائے گی یہ جوتی کہاں جائے گی۔ کہاں پہنچے گی وہ جوتی میرے آقاؐ کے قدموں میں آئی تو عرش معلیٰ پر پہنچی اور علماء نے لکھا ہے کہ عرش پر آقاؐ کی جوتی کا نشان آج بھی باقی ہے۔ کیسا نشان جب پڑ جائے جوتی کا پاؤں کا وہ مٹتا تب ہے۔ اگر ہوائیں چلیں وہ مٹتا تب ہے اگر بارش ہو وہ مٹتا تب ہے جب کوئی اور وہاں پر چلے نہ عرش پر ہوا چلے۔ اور نہ وہاں بارش برسے۔ اور نہ کوئی وہاں آقا کے بعد چل سکے۔ نہ وہ نشانی بنا سکے۔ جو جوتی آقا کے قدموں میں آئی ہے کہاں پہنچی عرش پر اب میں کہتا ہوں حضرت ابو بکر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آقا کے قدموں میں آئے تو عرش سے بھی آگے پہنچے عرش سے بھی آگے پہنچے آپ کہیں گے کہ عرش سے آگے کیا ہوتا ہے۔ عرش سے آگے اس کا مقام ہے۔ سورۃ لوح قلم کرسی عرش سب آگے تو عرش ہے یہ عرش سے آگے کس طرح پہنچے اپنا عقیدہ پڑھو۔ مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمۃ اللہ نے **المحند علی والفند** میں علماء دیو بند کا یہ عقیدہ لکھا ہے ہمارا عقیدہ ہے کہ آقا جس جگہ پر آرام کر لیں تو وہ جگہ عرش سے بھی اعلیٰ ہے جوتی آقا کے قدموں میں آئی عرش پر پہنچی ابو بکر عمر آقا کے قدموں میں آئے عرش سے بھی آگے پہنچے تو میں نے عرض کر دیا تھا ایک جوتی وہ ہے جو جناب صدیق اکبر کے قدموں میں آئی۔ سبحان اللہ سبحان کہیں آپ کہیں گے

اس کی قیمت کیا ہے۔ جانتے ہو اس جوتی کی قیمت کیا ہے۔ جوتی کی قیمت یہ ہے جب سیدنا صدیق اکبر کے پاؤں کو سانپ نے کاٹا پریشانی ہے آقا کی آنکھ کھلی ابو بکر کیا بات ہے رو رہے ہو عرض کیا آقا روتا نہیں بے اختیار آنسو نکل آئے۔ سانپ نے کاٹا ہے زہر اثر کر گیا۔ فرمایا پریشانی کیوں ہے۔ دوائی تیرے پاس ہے۔ ابو بکر ایڑی لاؤ۔ ابو بکر کی ایڑی پر رسول اللہ ﷺ نے لعاب لایا اپنا لعاب دہن لگایا بیماری ختم ہو گئی زہر ختم ہو گیا اوئے جس ایڑی پر رسول اللہ ﷺ کا لعاب لگا ہے اس ایڑھی نے ابو بکر کی جوتی کے بوسے لیے ہیں۔ میرا ایمان ہے کہ جس نے بنی یعنی پیغمبر کے لعاب کے بھوسے لیے ہیں وہ میرا ایمان ہے میرا عقید ہے جو شخص ایسی جوتی کا احترام نہیں کرتا۔ وہ کائنات کا بدترین کافر ہے۔

سیدنا صدیق اکبر کی جوتی کا مقابلہ بھی کائنات میں نہیں اوئے لائے کوئی ایسی جوتی جس نے آقا کے لعاب دہن کے بوسے لیے ہوں۔ ایسے تو حضرت امام عبداللہ ابن مبارد کے استاد حدیث امام رفت امام بخاری کے استاد عبداللہ ابن مبارک نے فرمایا تھا کسی نے پوچھا تھا امیر معاویہ کا درجہ بڑا تھا یہ عمر ابن عبدالعزیز کا فرمایا لاکھوں عمر ابن عبدالعزیز مل جائیں امیر معاویہ کے ناک میں جو میل ہے وہ لاکھوں مل کر اس میل کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتے اس میل کا مقابلہ نہیں کر سکتے کسی نے کہا کہاں گھوڑے کی میل کہا عمر ابن عبدالعزیز آپ نے فرمایا سو پھر تفصیل اس کی یہ ہے اس گھوڑے کی بات کی ہے جس گھوڑے پہ سوار ہو کر امیر معاویہ نے رسول اللہ کی معیت میں سفر کیا تھا انہوں نے فرمایا ٹھیک ہے۔ جب آقا سفر کر رہے تھے تو فرمایا آقا اس فضا میں سانس لے رہے تھے یا نہیں لے رہے تھے فرمایا آپ کا سانس اس گرد و غبار میں رچ مچ گیا آپ کا سانس اس گرد و غبار میں غلط ملط ہو کر اور اس

گردوغبار کا کچھ حصہ اڑتا ہوا امیر معاویہ کے گھوڑے کی ناک میں چلا گیا جس ناک کے ذرے میں جس میل میں پیغمبر اسلام کے سانس کے کروڑوں حصہ کی آمیزش ہے۔ ہزاروں عمر ابن عبدالعزیز مقابلہ نہیں کر سکتے۔ (سبحان اللہ سیاست امیر معاویہ زندہ باد، خلافت امیر معاویہ زندہ باد) اگر صحابہ کی بات کرتے ہو خدا کی قسم جب صحابہ کی بات آتی ہے تو پھر ہمارے سامنے دریچے کھل جاتے ہیں۔ ایسے دروازے کا کھل جانا ہے جو سامنے نظر آتے حالات صحابہ کونسی جماعت ہے۔ صحابہ وہ مقدس جماعت ہے ایک آدمی آیا کہا مولانا صاحب میں بہت خوش نصیب ہوں میں نے کہا کیا ہوا ہمارا پڑوسی حج کر کے آیا ہے اس نے مجھے خاص پانی زم زم دیا ہے میں نے جی بھر کر پیا ہے ہزاروں میل دور سے زم زم کا پانی آتا ہے تو پینے کے لیے کھڑا ہو جاتا ہے۔ تجھے زم زم پینے پر فخر ہے کسی کو حوض کوثر ملنے کا شوق ہے کسی نے کوئی پانی پیا کسی کے کوئی پانی پیا رسول اللہ کے صحابہ نے ایک ایسا پانی پیا جس کا مقابلہ نہ زم زم کر سکتا ہے اور نہ حوض کوثر کر سکتا ہے۔ ہزاروں میل دور سے زم زم کا پانی آتا ہے پینے کیلئے کھڑا ہو جاتا ہے تو زم زم پینے پر فخر ہے کسی کو حوض کوثر پینے کا شوق ہے کسی نے کوئی پانی پیا کسی نے کوئی پانی پیا رسول اللہؐ کے صحابہ نے ایک ایسا پانی پیا ہے جس کا مقابلہ نہ حوض کوثر کر سکتا ہے نہ زم زم کر سکتا ہے وہ کون سا پانی ہے وہ پانی، وہ ہے جو میرے آقا کی انگلیوں سے جاری ہوا؟ حدیبیہ کے میدان میں پانی ختم ہوا صحابہؓ کہنے لگے اللہ کے رسولؐ پانی ختم ہو گیا؟ پیالہ لایا گیا تو آقا نے اپنا دست مبارک پیالے میں ڈال دیا۔ آقا کی انگلیوں سے پانی کے چشمے پھوٹ پڑے آقا کی انگلیوں سے پانی کے چشمے پھوٹ پڑے؟ مجھے ایمان سے بتاؤ اوئے جس پیٹ میں جس زبان سے جس ریشے میں جس وجود میں محمدؐ کی انگلیوں سے نکلنے والا پانی پہنچ

گیا وہ جہنم میں جا سکتا ہے؟ (نہیں نہیں) ان کا ایمان بدل سکتا ہے۔ وہ ہدایت کا راستہ چھوڑ سکتا ہے۔ اوئے کچھ سوچو تو صحیح میں دیکھتا ہوں آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ سنگیاں لگوائیں خون جمع ہوا ایک برتن میں ڈال کر ایک صحابی سے فرمایا دفن کر کے آؤ عاشق صادق تھا وجود اطہر سے نکلنے والا مقدس خون غیرت گوارہ نہیں کرتی محبت اجازت نہیں دیتی اس مقدس خون کو زمین کے سپرد کر دوں سوچ سوچ کر بیٹھا اور رسول اللہ ﷺ کا دیا ہوا خون نوش فرما لیا بارگاہ نبوت ﷺ میں آیا سوال فرمایا کہاں گیا خون عرض کیا ٹھکانے لگا دیا آپ سمجھ گئے فرمایا سچ بتلاؤ تو بول اٹھے آقا میں کیسے دفن کر سکتا میں نے اپنے سے زیادہ کسی کو مستحق نہیں جانا۔ فرمایا جاؤ تمہارے وجود پر جہنم کی آگ حرام ہو گئی۔ علماء نے لکھا جب تک زندہ رہے جسم کے بال سفید نہ ہوئے آج بھی ان کی اولاد جہاں کہیں موجود ہے ان کی نسل نوجوان کے وجود سے خوشبو آتی ہے۔

یہ صحابہ ہیں جنہوں نے آقا کی انگلیوں سے نکلنے والا پانی پیا ہے۔ اوئے صحابہؓ سبحان اللہ میری طبیعت ساتھ نہیں دے رہی لیکن آپ اسی پر گزارہ کریں بات تو کرتا رہتا ہوں کیا بات ہے صحابہؓ کی سبحان اللہ صحابہؓ تو وہ صحابہ جن کے گھوڑوں کی قسمیں بھی قرآن کھاتا ہے۔ وَالْعٰدِیٰتِ ضَبْحًا۔ قسم ہے ان گھوڑوں کی جو بھاگتے بھاگتے ہانپنے لگتے ہیں۔ فَالْمُوْرِیٰتِ قَدْحًا o قسم ہے ان گھوڑوں کی جو پتھریلی زمین پر ٹاپ مار کر کے فَالْمُغِیْرٰتِ صُبْحًا o قسم ہے ان گھوڑوں کی جو آرام کے وقت بیدار ہو کر دشمن پر حملہ کرتے ہیں۔ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا o قسم ہے ان گھوڑوں کی جو نیزوں کو دیکھ کر ان کے اندر گھس جاتے ہیں۔ توجہ ہے۔ جی توجہ ہے جی کیا فرمایا اللہ نے فرمایا گھوڑا ایک جانور ہے۔

میرے پیارے تیرے ساتھیوں کے قدم اس گھوڑے پر لگے تیرے ساتھیوں نے اس جانور پر سواری کی جانور کو عظمت کیا ملی بھاگتے بھاگتے ہانپنے لگے مگر پیچھے نہیں ہٹے صحابہؓ وہ صحابہؓ ہیں لوگ کہتے ہیں کہ یہ ہدایت سے ہٹ گئے تھے۔ یہ چلتے چلتے رک گئے تھے یہ تھک کر کھڑے ہو گئے تھے۔ فرمایا ان گھوڑوں کی حالت یہ ہے۔ جن گھوڑوں پر صحابہؓ نے سواری کی ہے۔ یہ بھاگتے بھاگتے ہانپنے تو لگتے ہیں۔ لیکن منہ نہیں موڑتے وہ بھاگتے بھاگتے پتھریلی زمین پر دُم گھوسا دیتے ہیں۔ گرد و غبار اڑا دیتے ہیں آرام چین تباہ کر دیتے ہیں۔ اوے نیزوں کی ایڑیوں میں گھس جاتے ہیں مگر پیچھے نہیں ہٹتے اوے جن کی سواریاں اتنی بہادر تو ان کے سوار کتنے بہادر ہونگے جن کی سواریاں کبھی نہ روکیں ان کے سوار رک سکتے ہیں۔ کوئی روک سکا ہے کوئی روک سکا تو بتاؤ دنیا کی کوئی طاقت صحابہ کو رسول اللہ سے جدا کر سکتی ہے نہ کر سکی تختہ دار پر لٹکائے تو لٹک گئے لیکن رسول اللہ کا دامن نہیں چھوڑا نگاروں پر لٹ گئے جل گئے لیکن رسول اللہ کا دامن نہ چھوڑا مکہ کے چراہے میں ٹکڑے کر دیے ٹکڑے ہو گئے مگر رسول اللہ ﷺ کا دامن نہیں چھوڑا کس کس بات کو بیان کریں کس کس واقعہ کو بیان کریں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ذرا شعب ابی طالب پڑھو شعب ابی طالب میں تین سال قید کے صحابہ کرام نے کاٹے اور ان پر مشکلیں آئیں ایک ایک دن میں ایک کھجور پھر ایک دن میں کھجور کی گٹھلی پھر زمین کے پتے درختوں کا گھاس پھر یہ بھی ختم ہوا پھر جب بھوک لگتی ہے پھر درختوں کے نیچے سے سوکھے ہوئے پتے کھاتے تھے یہ سب کچھ ہوا لیکن رسول اللہ کا دامن نہیں چھوڑا؟

بڑوں نے تو یہ کر لیا مگر بچے کیا کریں جو تڑپ رہے تھے کہ دودھ چاہیے ان کا رونا

تو سنا جاتا تھا مگر ماں کی چھاتیوں میں ان بچوں کیلئے غذا نہ تھی سیرت کی کتابیں پڑھیں تو حیرت ہوئی ہے رات کو جب مسلمانوں کے بچے رویا کرتے تھے تو تین میل کے فاصلے پر مشرکین کی آنکھیں کھل جاتیں تھیں ابوسفیان ابوجہل عقبہ یہ بڑے بڑے مشرک جب باہر نکل کر ایک دوسرے سے پوچھتے کہ ابھی تک سوئے کیوں نہیں آرام کیوں نہیں کیا وہ کہتے مسلمانوں کے بچوں کے رونے کی آواز آرہی ہے۔ ہمیں نیند نہیں آتی اوئے پڑوسی کا بچہ بھی روتا ہو تو آدمی کی نیند ختم ہو جاتی ہے آدمی جا کر کہتا بھئی بچہ رو رہا ہے خاموش کیوں نہیں کراتے دوائی چاہیے دودھ چاہیے کیا چاہیے ہم کر دیتے ہیں بچہ تمہارا روتا ہے دل ہمارا تڑپتا ہے کافروں کے دل تڑپ رہے ہیں ماؤں پر کیا گزری ہوگی والدین پر کیا گزری ہوگی روتے روتے گلے بیٹھ گئے روتے بچوں کے لب سوکھ گئے اوئے کبھی کبھی معصوم نظروں سے باپ کی طرف دیکھ کر کہتے تو ہونگے اماں ہمارا جرم کیا ہے کس جرم میں ہمیں سزا دی جارہی ہے پوری کائنات میں دودھ کے چند قطرے ہمارے لیے نہیں ہتھیلیوں پہ بچے ہیں خدا کی قسم یہ اولاد چیز ہی ایسی ہے کہ بچہ رو رہا ہو ماں کبھی اس کا پیٹ ہلاتی ہے کبھی کان سے ہلاتی ہے کبھی سر دباتی ہے بچہ چپ کر جا چپ نہیں کرتا ماں بھی رونے لگتی ہے بیٹا بتا تو صحیح تو کیوں روتا ہے کیا بتلائے بے زبان اوئے یہاں تو ماں کہتی ہے شاید کان میں درد ہے شاید سر میں درد ہے شاید پیٹ میں درد ہے وہاں تو حال جانتی ہے نہ دکھ ہے نہ درد ہے نہ تکلیف ہے نہ بیماری ہے بچہ تو رو رو کے حلقان ہوا ہے تو اس کے پیٹ میں کئی دنوں سے کوئی چیز نہیں گئی نہیں اتری روتے رہے اور ماں یہ بھی جانتی ہے کہ ابھی لخت جگر کو اٹھاؤں اور پہاڑ پر کھڑے ہو کر کہوں او مکہ والو میرا بچہ بچالو میں رسول اللہ کا دامن چھوڑتی ہوں تو دودھ کے ڈرم آجائیں گے لوگ بھاگے آ

جائیں گے استقبال کریں گے گھر میں لے جائیں گے لیکن وہ کہتی ہے بیٹا قربان کر سکتی ہوں یہ رونا برداشت کر سکتی ہوں مگر دامن نبوت نہیں چھوڑ سکتی اوئے یہ صحابہ ہیں وہ لمحہ دیکھو جب روتے روتے بچے خاموش ہوئے ہچکی بند ہوگئی ہتھیلیوں پہ لگے ہوئے بچے ہچکیاں لے رہے تھے آخری ہچکی آئی گردن لٹک گئی روح پرواز کر گئی ماں کی ممتا نے ہتھیلیوں پر دم توڑتے ہوئے دو درجن سے زیادہ بچے قربان کر دیئے مگر رسول اللہ کا دامن نہیں چھوڑا۔

کوئی ایسی مثال لاؤ دودھ پیتے بچے قربان کیے کوئی مثال تو پیش کیجیے ذرا مثال دیکھو یہ جو عورت آج مکہ کے چراہے میں دو اونٹوں کے ساتھ باندھی پڑی ہے یہ بوڑھی عورت ہے خاوند اس کا پھانسی پر چڑھ گیا ہے یا سر بیٹا اس کا عمار ماریں کھا رہا ہے خاوند کا سایہ اٹھ گیا ہے کبھی اس بازار میں مار کھا رہی ہے کبھی اس بازار میں مار کھا رہی ہے بیٹا مار کھا رہا ہے اور خاوند پھانسی چڑھ گیا ہے اوئے بوڑھی جان اونٹوں کے ساتھ باندھی پڑی ہے ایک ٹانگ ایک اونٹ کے ساتھ دوسری دوسرے کے ساتھ ابو جہل کہتا سمیہ ابھی بھی وقت ہے دامن نبوت چھوڑ دے کہتی جان جا سکتی ہے خاوند چلا گیا میں بھی جا سکتی ہوں بچہ پیچھے چلا آئے گا سب کچھ گوارہ ہے مگر محبوب کا دامن چھوڑنا گوارہ نہیں۔ یہ کون ہیں یہ صحابہ ہیں عجیب بات آپ کو بتلاؤں کیا بات ہے یار جیسے میرا انداز ہے ویسے بات نہیں کر سکتا کیا انداز ہے مصائب صحابہ میں مولانا نور الحسن شاہ بخاری نے ایک واقعہ لکھا ہے۔

آپ نے کبھی سنا نہیں ہوگا ایک جنگ ہو رہی ہے جنگ کے سپاہ سالار سعد بن ابی وقاصؓ ہے کافروں سے جنگ ہوئی اور یہ مسلمان نہر کا کنارہ پار کرنا چاہتے تھے ہوا کیا کہ کافروں سے جنگ کرتے ہوئے سالار لشکر کے بھائی حضرت ہشام بن ابن وقاص شہید ہو گئے

شہید ہو کر گر پڑے نہر کے کنارے پر آپ کی لاش پڑی ہوئی ہے سارا لشکر رکا ہوا ہے سوار کھڑے ہوئے ہیں کہ کوئی آئے لاش اٹھائے لاش اٹھانے کی اگر کوشش کریں تو خطرہ اس بات کا ہے کہ دشمن چڑھ دوڑے گا سعد بن ابی وقاصؓ نے دیکھا کہ میرے بھائی کی لاش ہمارے راستے میں حائل ہو گئی فرمایا مسلمانوں میرے بھائی کی لاش کی پروا نہ کرو گھوڑے دوڑاؤ سب سے پہلے بھائی کی لاش پر گھوڑا میں دوڑاتا ہوں بھائی کی لاش پہ گھوڑا چڑھا دیا پھر گھوڑے دوڑائے لاش ٹکڑوں میں تقسیم ہو گئی وہ لاش قیمہ بن گئی اس کا حلیہ بدل گیا لیکن چند لمحوں کے بعد مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی کافر بھاگ گئے واپس بھائی کی لاش کے قریب آئے رومال بچھایا ایک ایک بوٹی کو جمع کر رہے ہیں ایک ایک ٹکڑے کو جمع کر رہے ہیں اور کہا او بھائی تو مجھے بہت پیارا ہے میرے بھائی کون ہے جو اپنے مردہ بھائی پہ گھوڑے دوڑائے مگر بھائی بات اسلام کی عزت کی تھی بھائی جان بات اللہ کے دین کی تھی میں نے گھوڑے دوڑا دیئے آج گھوڑے دوڑانے والے کو فخر ہے ندامت نہیں سوچ سکتے ہو ساری زندگی بھائی سے لڑائی ہو مرنے کے بعد بھائی سے لڑائی ختم ہو جاتی ہے مکھی نہیں بیٹھنے دیتے مردے پر کفن دے رہے ہوتے ہیں کہتے ہیں مردے پر مٹی نہ آ جائے مردے پر کفن دے رہے ہوتے ہیں۔

دیکھو بھئی آدمی مر جاتا ہے تو کہتا بھائی تو مر گیا تو چلا گیا میرا قصور ہے کہ میں تجھ سے بولا نہیں مجھے معاف کر دے۔ اوئے مرنے کے بعد دکھ بھول جاتے ہیں دشمنی ختم ہو جاتی ہے یہاں عجیب بات ہے بھائی کی لاش پڑی ہوئی ہے بھائی کہتا ہے کہ لاش پر گھوڑے دوڑا دو دوڑا دیئے گھوڑے پھر واپس آئے بوٹیاں جمع کیں ٹکڑے جمع کیے رومال میں باندھے سر پہ رکھے چلے گئے کوئی مثال تو پیش کرے یہ پیغمبر کی جماعت ہے۔ یہ پیغمبر کے صحابہ ہیں

حکمرانوں تمہیں کہتا ہوں تم ہمیں ان صحابہ کا تذکرہ کرنے سے روکتے ہو ہمیں ان صحابہ کی شان بیان کرنے سے روکتے ہو اور ہمیں روکتے ہو کہ ہم ان صحابہ کا تذکرہ نہ کریں اور صحابہ کے دشمنوں کو لگام نہ دیں۔

اوئے جو قوم صحابہ پر تبرا کرے ہم ان کے منہ میں لوہے کی لگام چڑھائیں گے خدا کی قسم مرنا قبول ہے لیکن صحابہ کے دشمن کو معاف نہیں کیا جا سکتا کوئی ان کو گالیاں دے کوئی ان کے ایمان پر شک کرے اس عظیم جماعت کو کافر کہے پھر کیا زندگی ہے۔

ایسی بے غیرتی کی زندگی سے تو مرجانا بہتر ہے میں کیا کروں اس جملہ کا معنی نہیں ہے جو ایک عورت نے کہا۔

جو جملہ اس عورت نے احد کے میدان میں کہا کب کہا جب مدینہ سے یہ خبر سن کر چلی کہ آقا شہید ہو گئے راستے میں ہر ملنے والے سے پوچھتی کہ آقا کا کیا حال ہے جواب ملا کچھ پتہ نہیں تیرا باپ شہید ہو گیا آگے گئی پوچھا آقا کا کیا حال ہے جواب ملا کچھ پتہ نہیں تیرا خاوند شہید ہو گیا۔ آگے جواب ملا تیرا بھائی شہید ہو گیا آگے جواب ملا تیرا بیٹا شہید ہو گیا کہنے لگی کوئی پرواہ نہیں آگے بڑھتی چلی گئی یہاں تک کے آقا کے چہرے پر نظر پڑی۔

اس جملے کا کوئی جواب نہیں دے سکتا۔

کل مصیبۃ بعدک جللوا

آقا خاوند کا سایہ آٹھ گیا ہے کوئی پرواہ نہیں۔

بھائی کا ساتھ ختم ہو گیا کوئی پرواہ نہیں۔

باپ قربان ہو گیا ہے بیٹا دم توڑ گیا ہے آقا اگر آپ ہیں تو ساری کائنات ہے آقا

اگر آپ زندہ ہیں تو میری زندگی ہے آقا اگر آپ نہیں تو کچھ نہیں آقا تجھ پر سب کچھ قربان آقا آپ پر سب کچھ قربان آپ پر میرا خاوند قربان آپ پر میرا بھائی قربان آپ پر میرا بیٹا قربان آپ پر میری جان قربان۔

کل مصیبۃ بعدک جللوا

اگر آقا آپ ہیں تو ساری کائنات ہے کوئی کہہ سکتا ہے یہ الفاظ کائنا تمہیں کون سا رشتہ جو باقی رہا۔ اور یہ الفاظ کائنات میں عورت کی زبان سے نکلے جو معمولی زبان پر بے صبری کا اظہار کر دیتی ہے وہ چاروں رشتے ختم کر چکی ہے وہ کہتی ہے کہ میری کائنات باقی ہے میرا جہان آباد ہے میرے اندھیروں میں روشنی کا چراغ نکل آیا ہے یہ پیغمبر کے صحابہ ہیں میرے دوستو سپاہ صحابہ اسی مقدس جماعت کی عزت احترام کی جنگ لڑ رہی ہے۔ میں کہتا ہوں خدا کی قسم جنرل مشرف صحابہ کا تحفظ کرو خدا تمہارا تحفظ کرے گا اور ساتھ یہ بھی کہتا ہوں مانگو کیا مانگتے ہو صحابہ اکرام کے تحفظ کا بل بنانے کیلئے قیمت کیا مانگتے ہو اگر تمہیں سر چاہیے سروں کی قیمت لگاؤ۔ اگر صبح کو کہوں گے تو شام نہ ہونے دیں گے۔

خدا کی قسم اٹھا کر کہتا ہوں لگاؤ قیمت' لگاؤ قیمت لگاؤ قیمت ہمیں سر چاہیے پہلا سر میرا ہوگا۔ لگاؤ قیمت کیا کرنا ہے سروں کا۔

اس سر کا کرنا کیا ہے اول آخر تمنا ہے کہ یہ سر کام آ جائے ہمارا سر اتر جائے ان کا تحفظ ہو جائے ہم کسی عہدے اقتدار کیلئے نہیں لڑ رہے اقتدار عہدے کیلئے لڑنے والے راستے چھوڑ جاتے ہیں گولیوں سے وہ ہی گزرا کرتے ہیں بموں سے وہی گزرا کرتے ہیں جن کا عشق صادق ہوتا ہے۔

خدا کی قسم خدا نے چودہ سو سال بعد ایسی جماعت کھڑی کر دی بچوں کو دیکھو بوڑھوں کو دیکھو جوانوں کو دیکھو ہر ایک صحابہ کی عزت پر مرنے کیلئے تیار ہے۔ (تیار ہو یا نہیں بتائیں)۔

سب کو پتہ تھا جلسہ نہیں ہونے دیں گے گالیاں دی جا رہی تھیں اوئے تمہاری ماں تقریر کر رہی تھی ایسی باتیں کسی ایک عقلمند کو زیب نہیں دیتی حکومت مخالف ہے گرفتاریاں ہو سکتی تھی جیلوں میں جایا جا سکتا تھا۔ لیکن یہ اتنا کثیر مجمع جیلوں سے ڈرایا جانے والا نہیں ہتھکڑیاں سے ڈرایا جانے والا نہیں میں کہتا ہوں ضلعی انتظامیہ آج مجھے بتا دے کل کو بتا دے۔ مجھے ٹیلی فون کر دے آپ نے جلسہ کیا ہے ہم کو ایک سو آدمی چاہتے ہیں ایک سو آدمی بھیج دونگا۔

کس سے ڈراتے ہو کوئی پریشانی نہیں صحابہ کی عزت کیلئے ہتھکڑی پہننا باعث سعادت سمجھتے ہیں عزت ذلت کا مالک میرا اللہ ہے حکومتیں دینے والا اور لینے والا میرا اللہ ہے اوئے یہ ہی اٹک کی جیل ہے اس میں میں نے تیرہ ماہ گزارے ہیں اکیلے نہیں جس کال کھوٹھڑی میں میں نے 13 ماہ گزارے آج وہ ہی ہیں جنہوں نے مجھے بھیجا تھا آج شہباز شریف وہیں ہیں آج نواز شریف سیف الرحمٰن یہ فیصلے انسانوں کے نہیں یہ فیصلے خالق کائنات کے ہیں میں یہ فیصلے کر سکتا ہوں نہیں نہیں، پرویز مشرف یہ فیصلے کر سکتا ہے نہیں نہیں، تم اس کوٹھڑی میں رہو جہاں اعظم طارق بند رہا تھا۔

قل اللّٰھم ملک الملک توتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء (پارہ نمبر3)

کسی کو تخت سے اٹھا کر کال کوٹھڑی میں بیٹھا دے کسی کو کال کوٹھڑی سے اٹھا کر آپ کے سامنے کھڑا کر دے اس میں میرا کیا گناہ ہے پھر کسی سے ڈرنا کیا یہ لفظ یاد رکھو خدا کے سوا کسی اور سے ڈرنا ہی شرک ہے ہتھکڑیوں سے ڈرو کال کوٹھڑیوں سے ڈرو حکمرانوں سے ڈرو اگر انہی سے ڈرنے لگ گئے تو پھر خدا سے کیا ڈرنا یہ کوئی نفع نقصان کے مالک ہیں (نہیں) اگر ان سے ڈرنا کام آتا ہوتا تو پھر ہم باہر نہ ہوتے۔ وہ اندر نہ ہوتے۔ یہ کس کے فیصلے ہیں۔ (اللہ کے) پھر اللہ پہ بھروسہ رکھنے والے ناکام نہیں ہوا کرتے۔ میرا اور آپ کا یہاں پر آنے کو اللہ تعالیٰ قبول و منظور فرمائے۔ ایک وعدہ آپ اپنے گھروں میں امن کے ساتھ سکون کے ساتھ کوئی نعرے بازی نہیں ہوگی۔ اور پھر انشاء اللہ حضرو میں جلد ہی ملاقات ہوگی۔ تفصیلی خطاب وہاں ہوگا۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ میں تھکا ہوا ہوں کہ سارا دن کس طرح میں نے سفر کیا ہے اور میں کس طرح یہاں آیا ہوں۔ یہ ایک الگ داستان ہے پیدل بھی آپ کے ساتھ چلتا رہا ہوں۔ اللہ میرا اور آپ کا حامی و ناصر ہو۔

مَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْن

عنوان	:	حضرت حسین رضی اللہ عنہ
بمقام	:	احرار پارک جھنگ
تاریخ	:	14 مارچ 2003ء

الحیدری میڈیا
سیل

خطبہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَمَنْ تَبِعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ اَمَّا بَعْدُ۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَات. بَلْ اَحْیَاءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ. وَقَالَ تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی فِیْ مَقَامٍ اٰخر.

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا. بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاللّٰہِ لَوَدِدْتُّ عن اقْتَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ اُحْیٰ ثُمَّ اقْتل ثُمَّ اُحْیٰ ثُمَّ اقْتل ثُمَّ اُحْیٰ ثُمَّ اقْتل اَوْ کما قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ.

درود شریف پڑھیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ.

قابل صد احترام حضرات علماء کرام جھنگ کے غیور بہادر جرأت مند اہل سنت والجماعت سے تعلق رکھنے والے مسلمانو اصحاب رسول سے محبت رکھنے والے سپاہیوں میری قابل قدر اسلامی ماؤں بہنوں بیٹیوں۔

آج یوم عاشورہ پر جمعہ کے دن احرار پارک میں 14 مارچ سن 2003ء کی تاریخ میں ہم سب ان لمحات ان گھڑیوں میں جمع ہیں جو گھڑیاں ہمیں وہ دردناک منظر دکھا رہی ہیں آج کا دن ہمیں کربلا کی یادوں کو کربلا کی تاریخ اور داستان کو بیان کر کر کے رو رہا ہے اور ان شاء اللہ العزیز میں بھی اپنے روایتی انداز سے ہٹ کر آج کربلا کے مظلوم کو خراج عقیدت کا سلام پیش کروں گا۔

دوستو آؤ کربلا میں چلتے ہیں کربلا کی وادی کے ان سنگریزوں سے تپتے ہوئے صحرا کے ان ذروں سے پوچھتے ہیں۔

کربلا کے ذرو ہمیں ذرا بتاؤ تو صحیح جب نواسۂ رسول پیغمبر اسلام کا پیارا حسین تمہاری اس سرزمین پہ آیا تھا۔ تم بتلاؤ حسین نے کس صبر واستقامت کا مظاہرہ کیا تھا۔ تم بتلاؤ اے کربلا کی وادیوں ذرا وہ منظر کشی کر کے دکھاؤ کہ نواسہ رسول نے کس طرح کربلا کی وادیوں میں بے یاروں مددگار ہونے کی شکل میں اپنے دودھ پیتے بچوں کے نذرانے پیش کیے۔

کس طرح کربلا کی وادیوں میں خاندان نبوت کے خیمے لوٹے گئے کس طرح کربلا میں نواسہ رسول نے جان دے دی۔

دوستو شاعر کہتا ہے کہ میں آج امنڈ امنڈ کر آسمان پر آنے والے بادلوں سے پوچھتا ہوں اوئے کالے کالے بادلوں اپنے اندر ٹنوٹن پانی لے کر گھومنے والوں آسمان کے

بادلوں تم کہاں تھے اس دن جب نبوت کا خاندان پانی کی بوند بوند کو ترس رہا تھا۔

شاعر کربلا کی گرم ہواؤں سے سوال کرتا ہے او کربلا کی وادیوں میں گرم گرم چلنے والی ہواؤں۔

بتلاؤ تو صحیح تم نے اس روز ٹھنڈک کا کام کیوں نہیں دیا اپنی شدت اور گرمی میں کمی کیوں نہیں کر لی اوئے تمہیں ترس کیوں نہیں آیا حسین کے دودھ پیتے بچوں پر تمہیں ترس کیوں نہیں آیا پیغمبر کے نواسے پر کربلا کی وادیوں کے ذرے آج بھی رو رو کر بیان کر رہے ہیں۔ کربلا کی وادیوں میں پیغمبر کا نواسہ حسینؓ اس طرح تڑپتا رہا جس طرح مچھلی پانی کے بغیر تڑپا کرتی ہے۔ آج کربلا کی وادیوں میں کون آیا ہے۔

آج کربلا کی وادیوں میں وہ آیا ہے جس نے پیغمبر کی گود میں ہوش پایا تھا آج کربلا کی وادیوں میں کس کے ہونٹوں پر پپڑیاں جمی ہوئی ہیں آج کس کے گلے اقدس میں پیاس کی وجہ سے کانٹے چب رہے ہیں وہ ہی دُھن مبارک ہے۔ جس دھن مبارک میں لسان نبوت آیا کرتی تھی۔ آج کربلا کی وادیوں میں کس کے گلے پہ چھری چل رہی ہے یہ وہ ہی مقدس گردن ہے جس گردن کے بوسے محمد مصطفیٰ لیا کرتے تھے۔ دوتوں جس کے برل ا کی وادیوں میں کیوں آیا ہے۔

اپنے 72 ساتھی لے کر حسین کربلا کی وادیوں میں آ کر قربانی کی داستان رقم کیوں کرتا ہے۔ آج کربلا سے واقعہ کا آغاز ہوتا ہے۔ لیکن اس کا پس منظر کوئی نہیں بتاتا۔

حسین کو بلانے والے کون تھے، حسین کو لانے والے کون تھے؟ اور پھر حسین کو گھیر کر اپنے نرغے میں لے کر حسین کے خونؓ سے پیاس بجھانے والے کون تھے؟ یہ مدینہ

چھوڑنے کے لیے تیار نہ تھے۔ یہ تو مدینۃ الرسول میں زندگی گزار رہے تھے آقا کے روضہ کے پاس زندگی گزار رہے ہیں چل کر لوگ رسول اللہ کے روضے پر آتے ہیں۔

بارگاہ نبوت میں سلام پیش کرنے کے بعد آستانہ نبوت پر جا کر سلامی دیا کرتے تھے۔ لیکن آج حسین روضے رسول کی ٹھنڈی چھاؤں کو چھوڑ کر۔

آج مدینہ نبی کو چھوڑ کر کربلا کی وادیوں میں آیا کس لیے ہے اسی داستان کو بیان کرنا ہے۔

دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح بیان کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہ وہ حسین ہے کہ پیدا ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے خود نام رکھا ہے۔ پیدا ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے گھٹی خود دی ہے۔ پیدا ہوئے تو رسول اللہ نے اپنی گود میں لے کر بوسے خود لیے ہیں۔ عقیقہ فرمایا ہے حضور ﷺ نے فرمایا ہے کسی نے میرے پھولوں کو دیکھنا ہو کسی نے میری نبوت والی خوشبو کو سونگھنا ہو۔ حسنؓ کو سونگھ لے حسینؓ کو سونگھ لے تم حسنؓ حسینؓ کو سونگھو گے تو تمہیں نبوت کی بو آئے گی۔

دوستو حضرت سیدنا امیر معاویہؓ سب کہہ دیجئے رضی اللہ عنہ۔

وہ امیر معاویہ جس کے بارے میں رات میں نے کہا تھا مظلوم محرم وہ امیر شام جن کو چودہ صدیاں گزر جانے کے بعد آج بھی دنیائے کفر بھولنے کے لیے تیار نہیں ہے اور کیسے بھول سکتی ہے۔ جس رافضی کی گردن پر تلوار معاویہؓ نے چلائی ہے خدا کی قسم قیامت آ جائے گی۔ لیکن رافضی امیر معاویہ کی کاٹ کو بھول نہیں سکتا رافضی امیر معاویہ کی مار کو نہیں بھول سکتا مظلوم محرم اور آج یہ پرچیاں مجھے مسلسل آ رہی ہیں کہ آج امیر معاویہ پر تبرا کیا گیا ہے۔

جھنگ کی انتظامیہ اور جھنگ کے پولیس افسران پاکستان کے حکمرانوں کان کھول کر سنو اگر شمر ذی الجوشن کے بازوں کو نہ پکڑا گیا ان کو کیفر کردار تک نہ پہنچایا گیا تو پھر یاد رکھو ہم جھنگ میں امن کی ضمانت دینے کے لیے تیار نہیں۔

ہم نے پہلے سے کہا تھا ان کی زبانوں کو لگام دینا مگر سنا گیا ہے۔ ان کے نام بھی آ رہے ہیں۔ میں نے ساتھیوں سے کہا ان کے نام جمع کرو اور گواہوں کو تیار کرو ان شاء اللہ ایسا پرچہ درج کرائیں گے ایف آئی آر درج ہوگی جب تک یہ کردار واقعی سزا نہیں پاتے ہم ان شاء اللہ چین سے بیٹھیں گے نہیں۔ (ان شاء اللہ) تمہیں تکلیف کیا ہے امیر معاویہؓ سے کہ انہوں نے منافقت کا بیج مسل ڈالا تھا۔

اگر خدا امیر معاویہ کو دس سال اور دے دیتا تو دنیا سے رافضیت کا نام و نشان ختم ہو جاتا۔ کہتے ہیں جناب امیر معاویہ تو بڑی دیر کے بعد اسلام لائے اوئے کوئی پہلے اسلام لائے یا دیر میں اسلام لائے ہمارا عقیدہ ہے کہ جس نے ایک ایمان بھری نظر سے محمد مصطفیٰ ﷺ کے چہرے کو دیکھ لیا تو دنیا کا کوئی غوث۔ قطب، ابدال اس کے پاؤں کی دھول کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتا اور قرآن کیا کہتا ہے۔

وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا. (پ۳۰ سورۃ النصر)

اوئے دیکھو دیکھو میں سورت النصر کی تلاوت کر رہا ہوں۔ علماء سے پوچھو سب سے آخر میں قرآن کی یہ سورت نازل ہوئی ہے اس کے بعد کوئی آیت نازل نہیں ہوئی قرآن کی آخری آیت کیا کہہ رہی ہے۔

وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا. (پ۳۰ سورۃ النصر)

تم دیکھ رہے ہو خدا کے دین میں لوگ داخل ہو رہے ہیں فوج در فوج خدا کے دین میں لوگ فوج در فوج داخل ہو رہے ہیں۔

قرآن آخری لمحوں میں بھی کہہ رہا ہے فوج در فوج آدمی آ رہے ہیں وہ بھی خدا کے دین کی حد میں آ رہے ہیں اوئے جو خدا کے دین کی حد میں آ گیا ہے محمد مصطفیٰ ﷺ کا دیدار پا گیا ہے صحابیت کا شرف اسے حاصل ہو گیا ہے۔ کوئی مائی کا لال بعد میں آنے والا ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ حضرت عبداللہ ابن مبارکؒ امام بخاریؒ کے اُستاد ہیں۔ حضرت امام ابو حنیفہؒ کے شاگردوں کے شاگرد ہے۔ رئیس المحدثین والمفسرین ہیں۔ کسی نے ان سے سوال کیا تھا:

عمر بن عبدالعزیز کا درجہ زیادہ ہے یا امیر معاویہ کا درجہ زیادہ ہے حضرت عبداللہ ابن مبارکؒ کے چہرے پر غصے کے آثار ظاہر ہو گئے۔ فرمایا! ایک ذرے کو آفتاب سے کیا نسبت ہو سکتی ہے۔

فرمایا تم نے عمر بن عبدالعزیز کا مقابلہ امیر معاویہ سے کر دیا ہے۔

سنو لاکھوں عمر بن عبدالعزیز مل جائیں تو وہ امیر معاویہ کے اس گھوڑے جس پر امیر معاویہ سوار ہو کر رسول اللہ کی معیت میں جہاد میں جا رہے ہیں گھوڑے کی ناک میں جو مٹی ہے۔ ناک کی میل یہ ناک کی میل ایسی چیز ہے کہ انسان کو اپنے ناک کی میل سے نفرت ہوتی ہے اور دوسرے کی ناک بہتی ہوئی دیکھ کر نفرت کرتا ہے انسان اپنے ناک کی میل سے نفرت کرتا ہے تو گھوڑے کے ناک کی میل سے کتنی نفرت ہوتی ہوگی اس کی کیا حیثیت ہے کتنی حقیر چیز ہے۔ فرمایا۔

فرمایا: ہزاروں لاکھوں عمر بن عبدالعزیز جمع ہو جائیں تو مل کر امیر معاویہ کے گھوڑے کے ناک کی جو میل ہے اس کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتے پھر وجہ بتلائی کسی نے کہا حضرت اتنا بھی مبالغہ نہیں کرنا چاہیے کہا۔ کہاں گھوڑے کی ناک کی میل اور کہاں عمر بن عبدالعزیز کہ جس کا دور آتا ہے تو شیر اور بکری ایک ہی گھاٹ پر پانی پیتے ہیں۔

اتنے بڑے خلیفہ راشد کو آپ نے امیر معاویہ کے گھوڑے کے ناک کی میل سے بھی کم درجہ دے دیا وجہ کیا ہے فرمایا تم نہیں سمجھتے ہو میں نے کہا یہ تھا وہ گھوڑا جس پر امیر معاویہ سوار ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ساتھ جنگ میں جا رہا ہے فرمایا جی ہاں جی ہاں وہ ہی گھوڑا فرمایا دیکھتے نہیں ہو جب رسول اللہ اس لشکر میں شریک ہیں۔ تو آقا سانس لے رہے ہیں تو آپ کے وجود سے منہ کے ذریعے سانس باہر آ رہا ہے آپ کے سانس مبارک کے حصے آپ کے سانس مبارک کے ذرات ہوا میں رچ مچ جاتے ہیں اس ہوا میں گھوڑوں کی دھول سے اُڑتی ہوئی مٹی بھی آتی ہے ایڑیوں سے لگنے والی دھول بھی آتی ہے رسول اللہ کے سانس مبارک کے حصے اس دھول میں مل جاتے ہیں وہ دھول وہ گردوغبار جہاں وہ اس گھوڑے پہ برستی ہے صحابہ کے وجود پر آتی ہے ان کے کپڑوں پر آتی ہے۔

تو مٹی کے وہ ہی ذرات گھوڑے کے ناک میں چلے جاتے ہیں گھوڑے کے ناک کی میل میں آمیزش رسول اللہ کے سانس کی ہے۔ کہ رسول اللہ کا سانس اس میں ملا ہوا ہے ادنے دنیا بھر کے ولی جمع ہو جائیں غوث قطب ابدال جمع ہو جائیں رسول اللہ کے سانس والی مٹی کا مقابلہ نہیں کر سکتے کون صحابہ؟ قرآن صحابہ کے بارے میں کہتا ہے:

التائبون العابدون الحامدون الساحون الراکعون الی خرہ. (پ۱۱رکوع ۳)

فرمایا: یہ ہیں وہ لوگ جو خدا کے راستے میں توبہ کرنے والے۔

خدا کی تعریفیں بیان کرنے والے۔

اس جگہ پر ضیاالرحمٰن فاروقی شہیدؒ فرمایا کرتے تھے:

اپنے مرکز سے اگر دور نکل جاؤ گے

خاک ہو جاؤ گے افسانوں میں کھو جاؤ گے

اپنے پرچم کا رنگ بھلا مت دینا

سرخ شعلوں سے جو کھیلو گے تو جل جاؤ گے

تیز قدموں سے چلو اور تصادم سے بچو

بھیڑ میں اگر سست چلو گے تو کچل جاؤ گے

اپنی ہی مٹی پر چلنے کا سلیقہ سیکھو

سنگ مرمر پہ چلو گے تو پھسل جاؤ گے

ہم سفر ڈھونڈوں نہ کسی کا سہارا چاہو

ٹھوکریں کھاؤ گے تو خود ہی سنبھل جاؤ گے

دوستوں صحابہ اکرامؓ یہ وہ لوگ ہیں جن کی تعریف کرتا ہوا قرآن کہتا ہے:

التائبون العابدون الحامدون الساحون الراکعون الی خرہ. (پ۱۱رکوع ۳)

یہ وہ لوگ ہیں قرآن کہتا ہے:

الذین ھاجرو واخرجوا من دیارھم ۔(پ۴رکوع ۱۱)

وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی جب وہ اپنے گھروں سے نکالے گئے۔

واوذوا فی سبیلی۔ میرے راستے میں ستائے گئے میرے راستے میں قربان ہو گئے میرے راستے میں تخت دار پہ چڑھائے گئے وقاتلو قتلوا پھر میرے راستے میں جہاد کی راہوں پہ چلتے گئے لایکفرن عنھم سیاتھم میں نے ان کے سب گناہوں کو معاف کر دیا۔

اب بتلاؤ امیر معاویہؓ نے رسول اللہ کی معیت میں جہاد کیا ہے یا نہیں (کیا ہے) آپ نے مکہ چھوڑ کر مدینہ کا رُخ کیا تھا یا نہیں کیا تھا۔

پھر آپ نے بحری جنگیں لڑی تھیں یا نہیں لڑی تھیں۔ (لڑی تھیں) میں تو حیران رہ جاتا ہوں اس عظیم انسان پر ملک شام پر 20 سال تک گورنر بن کر رہے اور پھر سارے عالم اسلام پر 20 سال تک خلیفہ بن کے رہے۔

چالیس سالہ دور حکومت میں ایک پرندہ بھی نہیں ہے جس نے امیر معاویہ کے سامنے پر مارا ہو۔

حکومت کتنی بڑی چائنہ کی دیواروں سے لے کر پرتگال تک اگر کسی کی حکومت تھی 65 لاکھ 64 ہزار مربع میل پر پھر اتنی بڑی عالم اسلام میں کسی اور نے حکومت نہیں کی۔

جتنی بڑی حکومت کا تاجدار سیدنا امیر معاویہؓ تھے آپ کی حکومت میں نہ کسی نے بغاوت کو سوچا نہ آپ کی مخالفت کا سوچا آج کربلا کے واقع کو تو بیان کیا جاتا ہے سوال یہ ہے حضرت حسینؓ نے یزید کی بیعت کا انکار کیا آپؓ نے کوفہ کا سفر کیا کربلا میں پہنچے اگر حضرت حسینؓ کو حضرت امیر معاویہ سے اختلاف ہوتا تو پھر حضرت حسینؓ سکون سے مدینہ میں بیٹھتے (نہیں) خاموشی کے ساتھ مدینہ میں تشریف رکھتے (نہیں)

میرا ایمان ہے جو حسینؓ یزید کے ساتھ اختلاف کی وجہ سے مکہ مدینہ چھوڑ کر کے کوفہ

کی طرف جاتے ہوئے اپنا پورا خاندان، قربان کر دیتے ہیں اگر انھیں امیر معاویہؓ سے ذرا برابر بھی اختلاف ہوتا تو کبھی بھی مدینہ میں سکون کی زندگی گزارتے (نہیں)

حضرت حسینؓ کا کوفہ میں جانا اور پھر کربلا کے میدان میں یہ واقعہ پیش آنا اس بات کی دلیل ہے حضرت حسینؓ کو امیر معاویہؓ سے کوئی اختلاف نہیں تھا کوئی لاؤ روایت ایسی ورنہ یہ روایت تو موجود ہیں۔ جب سیدنا حسنؓ شہید ہو گئے تو کوفیوں نے خط لکھے حضرت حسینؓ کو حضرت والا بڑا قیمتی موقع ہے اب ہم سب آپ کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں آپ امیر معاویہ کے خلاف بغاوت کریں فرمایا خبردار آئندہ تمہیں ایسی بات کرنے کی اجازت نہیں ہے میرے بھائی نے بھی اپنی رضا اور رغبت کے ساتھ امیر معاویہ کے ہاتھ پر بیعت کی ہے۔

اور میں حسینؓ نے بھی سوچ سمجھ کر اوّل آخر دیکھ کر حسین سوچ سوچ کر معاویہ کے ہاتھ پر بیعت کی ہے ابھی امیر معاویہ سے کوئی ایسی بات سامنے نہیں آئی جو شریعت کے خلاف ہو جو میری بیعت کو توڑنے کی اجازت دے جب تک امیر معاویہؓ شریعت کی پاسداری کرتا رہے گا جب تک دنیا میں اسلام کا جھنڈا بلند کرتا رہے گا حسینؓ امیر معاویہ کے لشکر کا سپاہی رہے گا۔

پھر جب تک حضرت امیر معاویہ زندہ رہے حسینؓ نے کسی کوفہ اور کربلا کا سفر کیا۔ نہیں کیا اس سے بڑی کوئی دلیل ہو سکتی ہے امیر معاویہؓ کے خلیفہ راشد ہونے کی۔

کہ جن کی خلافت کو حضرت حسن نے بھی مانا حضرت حسینؓ نے بھی مانا اور پھر یہاں تک آج لوگ بہت کچھ کہتے ہیں۔ کہ اپنے بیٹے یزید کو خلیفہ بنا دیا کہ امیر معاویہؓ نے اپنے بیٹے کے لیے بیعت کیوں لی۔

CamScanner

اس بات کو سمجھو یزید کی ذات سے اختلاف ہو سکتا ہے یزید کے فیصلوں سے اختلاف ہو سکتا ہے۔

یزید کے طریقے حکمرانی سے اختلاف ہو سکتا ہے۔

مگر امیر معاویہ کے فیصلے سے اختلاف نہیں ہو سکتا۔

میں آرہا ہوں وہیں جہاں آج آپ لے جانے چاہتے ہیں۔

لیکن شروع کی باتیں واضح کرنا چاہتا ہوں۔

امیر معاویہ نے اتنا بڑا فیصلہ اپنی مرضی سے نہیں کیا۔ حضرت امیر معاویہؓ دیکھ چکے تھے حضرت عثمان کی شہادت کے بعد مسلمانوں کا شرازہ بکھر چکا تھا۔

مسلمانوںؓ کے گروہ آپس میں دست گریباں ہو گئے تھے۔

80 ہزار صحابہ کرام جنگ صفین جنگ جمل کا نشانہ بن چکے تھے اور خارجیوں کا فتنہ کھڑا ہو چکا تھا۔

حضرت علیؓ کو شہید کر دیا تھا حضرت امیر معاویہؓ نے ساری مملکتوں کے گورنروں کو لکھا اپنے اپنے علاقوں میں اپنے اپنے صوبوں میں لوگوں سے مشورہ لو لوگوں سے پوچھو عالم اسلام میں رہنے والے کروڑوں مسلمانوں امیر معاویہ تم سے مشورہ لیتا ہے بتاؤ وہ کون سا انداز ہے وہ کونسا طریقہ ہے کہ میرے فوت ہونے کے بعد عالم اسلام کا اتحاد باقی رہے مسلمانوں میں تقسیم نہ ہو مسلمانوں کی فوج کی قوت برقرار رہے اتحاد رہے۔

تم بتلاؤ مشورہ کیا ہے تمام صوبوں کے گورنروں نے اپنے اپنے شہروں کی جامع مسجد میں کھڑے ہو کر خطبے دیئے گورنروں نے جب گورنر تقریر کرتا ہو آپ خود انداز لگائیے۔

کتنے لوگ ہوں گے ایک شہر کی ایک ہی جامع مسجد میں گورنر تقریر کرتا ہے پورا شہر آتا ہے گورنر طریقہ پوچھتا ہے طریقہ بتلاؤ آگے سے لوگ کہتے ہیں ہمارے ذہنوں میں ایک بات آتی ہے۔ اگر امیر معاویہ اپنی زندگی میں اپنی جانشین نامزد کر کے اور پورے عالم اسلام سے اس کی بیعت لے لے۔ سارے بزرگوں سے بیعت لے لے۔ اگر امیر معاویہ اپنا جانشین مقرر کر کے عالم اسلام کے ملکوں سے بزرگوں سے منظوری لے لے۔

اسکا اعلان کر دے یہ ایک طریقہ ہے امیر معاویہ کے جانے کے بعد عالم اسلام کی قوت متفق رہے گی۔

خدا کی قسم بتلاؤ اس سے بڑی کوئی دانش مندی کی بات ہو سکتی ہے (نہیں) درد کیا ہے؟ تڑپ کیا ہے؟ کہ معاویہؓ کے جانے کے بعد مسلمانوں میں دھڑے بندی قائم نہ ہو مسلمانوں میں انتشار نہ ہو یہ ہر طرف سے صدا آئی۔ پھر آپ نے فرمایا کیا خیال ہے اگر میں اپنے بعد حسینؓ کو اپنا نائب بنادوں اہل شام نے کہا ہم نہیں مانیں گے۔

کیوں نہیں مانو گے؟ انہوں نے کہا ہم نے حضرت حسن حضرت علیؓ کے دور میں ان کے ساتھ جنگیں کی ہیں۔

لہٰذا حضرت حسینؓ کے ساتھی وہ کوفہ والے وہ بصرہ والے وہ ہمیں معاف نہیں کریں گے۔ لڑائی شروع ہو جائے گی اور نام آئے یہاں تک کے لوگوں نے یزید کا نام آنا تھا ہر صوبے کے گورنر نے اپنے صوبے کے لوگوں کے سامنے جب کہا یزید کا نام آ رہا ہے تمہارا کیا خیال ہے آپ حیران ہوں گے عالم اسلام کے تین درجن سے زائد صوبے تھے ایک ایک صوبہ پاکستان سے بڑا تھا ہر صوبے نے کہا اگر امیر معاویہ یزید کو اپنا جانشین بنائیں ہم اس کو

قبول کرنے کے لیے تیار ہیں۔

یہ باتیں سنو آج امیر معاویہ پر اور کوئی غصہ نہیں آتا کہتے ہیں جی انہوں نے یزید کو خلیفہ بنا دیا یزید کو جانشین بنا دیا تم نہیں جانتے یہ رائے۔ امیر معاویہؓ کی نہیں تھی یہ رائے تو 65 لاکھ 64 ہزار مربع میل پر رہنے والے لوگوں کی تھی وہاں کے لوگوں کی رائے تھی جب یہ رائے کثرت سے آئی آپ نے بزرگوں کے پاس بھیجا۔ چند بزرگوں کے سوا سب نے ان کی تائید کی۔ تائید کرنے والے ابن عباس تھے تائید کرنے والوں میں بڑے بڑے لوگ تھے۔

تب امیر معاویہؓ نے اس کا اعلان کیا کہ میرے بعد میرا جانشین یزید ہوگا اور اس اعلان کے فوراً بعد اور اس اعلان کے فوراً بعد امیر معاویہ فوت نہیں ہوئے بلکہ اس اعلان کے پانچ سال بعد فوت ہوئے۔

اب بتلاؤ امیر معاویہؓ کی رائے سے کسی کو اگر اختلاف تھا تو اسے امیر معاویہؓ کے دور میں اُٹھ کھڑا ہونا نہیں چاہیے تھا آپ کی رائے کو کثرت سے مان لیا گیا۔

لیکن اس کے باوجود جب سیدنا امیر معاویہ کا انتقال ہونے لگا یزید شام میں نہیں تھا آپ نے یزید کو وصیت نامہ لکھا فرمایا تو یہاں نہیں ہے لیکن میں تمہیں وصیت کر رہا ہوں اگرچہ پورے عالم اسلام نے تیری بیعت پر مہر تصدیق لگا دی ہے مگر میرے بیٹے اس وقت تک خلافت کی کرسی پر نہ بیٹھنا جب تک رسول اللہ کا نواسہ حسینؓ بھی تجھے خلیفہ تسلیم کرے پہلے نبی کے نواسے حسینؓ کو راضی کرنا پہلے رسول اللہ ﷺ کے گھرانے کو راضی کرنا یزید تیرے باپ سے حسین کا باپ اعلیٰ ہے۔

تیرے نانا سے حسینؓ کا نانا اعلیٰ ہے تیرا باپ حسینؓ کے نانا کا غلام ہے خبردار رسول

اللہ ﷻ کے نواسے حسینؓ کے ساتھ کوئی ایسا طریقہ اختیار نہ کرنا جس کی وجہ سے لعنت کا طوق تیرے گلے میں پڑ جائے اتنی زبردست نصیحت کرنے کے بعد حضرت امیر معاویہؓ دنیا سے تشریف لے جاتے ہیں اب آپ بتلائیں امیر معاویہؓ کا کوئی قصور ہے امیر معاویہ کی اس میں کوئی غلطی نظر آتی ہے (نہیں)

سیدنا امیر معاویہؓ کے انتقال کے بعد اب کوفہ کے لوگ سلمان ابن سرد اس کے گھر میں جمع ہوئے جمع ہو کر انہوں نے آپس میں مشورہ کیا۔

مشورہ کر کے کہا کہ امیر معاویہؓ فوت ہو گئے ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ حسینؓ کو بلوائیں حسینؓ کے ہاتھ پر بیعت کریں۔ حسینؓ کو اپنا خلیفہ مانیں انہوں نے کہا طریقہ کیا ہے۔

وفد بھیجو خط لکھو پیغام بھیجو۔

ایک خط دو خط ایک وفد دو وفد

دس وفد خط لکھنے والوں نے بارہ ہزار خطوط

حسین کو لکھے بارہ ہزار خطوط

کیا کہہ رہے ہیں حضرت ہماری جانیں آپ کے لیے

ہمارے وجود آپ کے لیے ہمارے دل آپ کے لیے

ہمارے بچے آپ کے لیے ہماری عزتیں آپ کے لیے

آپ تشریف لائیں آپ ہماری قیادت کریں۔

ہم آپ کے دائیں لڑیں گے ہم آپ کے بائیں لڑیں گے

CamScanner

ہم آپ کے ہاتھ پر بیعت کریں گے

آئیں تشریف لائیں یزید کے مقابلے میں ہم آپ کا ساتھ دیں گے جب بارہ ہزار خطوط خدا کے نام رسول اللہ ﷺ کے نام خدا کی قسم دے کر حضرت حسینؓ کو لکھے تو نواسۂ رسول کو جوش آیا اور یہ فطرتی بات ہے کہ کوئی قوم خدا کا واسطہ دے کر نبی کا واسطہ دے بلا رہی ہو۔ اور بار بار خط لکھے آپ نے فیصلہ کر لیا کہ میں کوفہ جاؤں گا جب رسول اللہ ﷺ کے نواسے کوفہ جانے کے لیے تیار ہوئے۔ سب سے پہلے روکنے کے لیے حضرت حسینؓ کے سگے بھائی محمد بن علی سامنے آئے جنہیں محمد بن حنیفہ کہا جاتا ہے کہا: حسینؓ بھائی مدینہ نہ چھوڑو خدا کے لیے خدا کے لیے مدینہ نہ چھوڑو۔ میرے حسینؓ تو میرا بھائی ہے علی کا بیٹا ہے تو جانتا نہیں ہے جب تم بھی کوفہ میں تھے میرے باپ علی بھی کوفہ میں تھے اور میں بھی کوفہ میں تھا یہ لوگ کیا کرتے تھے۔

اس وقت کوفیوں کا انداز کیا ہوا کرتا تھا اس وقت علی ان کو بلایا کرتے تھے یہ ظالم آنے سے انکار کر دیتے تھے کہ ابو ان کو دعوت دیتے تھے یہ تسلیم کرنے سے انکار کر دیتے تھے یہ تسلیم کرنے سے انکار کر دیتے تھے میرے ابو ان کو جہاد کے لیے پکارا کرتے تھے۔

یہ ڈر کے مارے گھروں میں بیٹھ جایا کرتے تھے۔ حسینؓ آج وہی لوگ بے غیرت بزدل مکار، عیار آپ کو بلا رہے ہیں وہ آپ کو دھوکا دیں گے۔

جنہوں نے ابو کو دھوکا دیا بھائی کو دھوکا دیا۔

میں محمد میرے بھائی تیرے پاؤں پکڑ کر کہتا ہوں، کہ آپ کوفہ میں تشریف نہ لے جائیں۔ حضرت عبداللہ ابن عباس آ جاتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن جعفر آ جاتے ہیں۔ فرمایا

میرے بھائی جان آپ نہ جائیں۔ آپ نے کہا میں ارادہ کر چکا ہوں اتنے خط آئے ہیں اب میں اگر انکار کرتا ہوں۔ تو یہ بدبخت کوفی لوگ یہ کہا کریں گے ہم نے تو رسول اللہ ﷺ کے نواسے حسینؓ کو بلایا تھا وہ موت سے ڈر کر مدینہ میں بیٹھ گیا تھا لوگ مجھے طعنے دیں گے۔

حسینؓ موت سے ڈر گیا حسینؓ جان ہتھیلی پر رکھ کر جا رہا ہے فیصلہ خدا پر چھوڑتا ہوں آگے کیا ہوتا ہے۔

مگر میں تاریخ میں لکھوانا چاہتا ہوں جب رسول اللہ ﷺ کے نواسے کو خدا کا واسطہ دے کر بلایا گیا۔

پھر نواسہ رسول جان ہتھیلی پر رکھ کر آیا ہے گھر میں چھپ کر نہیں بیٹھا یہ ہے وجہ دوستو پھر وہ لمحے بھی آئے پہلے آپ نے اپنے چچا زات بھائی مسلم بن عقیل کو بھیجا۔

جاؤ مسلم تم سیدھا کوفہ جاؤ میں مکہ سے ہو کر آتا ہوں اور جا کر مجھے بتانا کیا حال ہے کوفیوں کا بے وفا کوفی غدار کوفی منافق کوفی آج کوئی کوفیوں کا نام نہیں لیتا کیوں دنیا کا طریقہ واردات یہ ہے اپنے گھر میں کوئی نہیں دیکھتا دوسرے گھر کے کیڑے سب کو نظر آتے ہیں۔

غیر کی آنکھ کا تنکا نظر آتا ہے تجھے
دیکھ اے غافل ذرا اپنی آنکھ کا تشہیر بھی

اپنی غلطی نہیں مانتے کہتے ہیں جی شامی آ گئے تھے کوئی حجازی آ گئے تھا اُٹھا مقتل حسینؓ نامی کتاب جو سب سے پہلے چھپی ہے جس نے واقعہ کربلا کو بیان کیا ہے اس کتاب کا مصنف شیعہ لوط بن یحییٰ ابو مخنف لکھتا ہے حسینؓ کے مقابلے میں پانی بند کرنے والے حسینؓ

نام محمد رسول اللہ لکھا تھا جس پرچم پر پیغمبر کے صحابہ کے نام خلفائے راشدین کے نام لکھے تھے جن لوگوں نے وہ پرچم اُتار کر جلایا ہے تم نے ان کا کیا نوٹس لیا ہے یادرکھوان کا قتل ہونا یہ الگ بات ہے میں اس قتل کی مذمت کرتا ہوں میں قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ کرتا ہوں لیکن جو نام صحابہ کا جو نام میرے پیغمبر کا پرچم والا نام جلایا گیا ہے میں اس کو معاف کرنے کے لیے تیار نہیں جس نے نبی کا نام جلایا جس نے صحابہ کا نام جلایا کائنات میں ایسا ماں نے کافر جنا کوئی نہیں انہوں نے احتجاج کرتے ہوئے مجھے گالیاں دیں مجھے کوئی پروانہیں کوئی پروانہیں۔ انہوں نے احتجاج کرتے ہوئے آدمی کھڑے کیے کون بدلہ لے گا یعنی اعظم طارق کو کون مارے گا کوئی پروانہیں میرے لبوں پہ آخری وقت بھی یہ ہوگا۔

ولیست ابالی حین اقتل مسلما. علی ای شق کان فی اللّٰہ مصرعی

کوئی پروانہیں میں اپنی موت سے نہیں ڈرتا مجھے دیں گالیاں مجھے کوئی پروانہیں میں اپنی موت سے نہیں ڈرتا مجھے دی گئیں گالیاں مجھے کوئی پروانہیں میری جماعت کے خلاف نعرے مجھے برداشت گولی برداشت بم دھماکے برداشت راکٹ لنچر برداشت اپنی ذات کے لیے سب کچھ برداشت لیکن صحابہ کے بارے میں کوئی بکواس کرو گے میں اعظم طارق اس کی زبان گدی سے کھینچ لوں گا مجھ سے نہیں برداشت مجھ پہ لگاؤ مجھ پہ لگاؤ مجھ پہ جو چاہو دفعہ لگاؤ قبول ہے قبول ہے قبول ہے لیکن جس نے پیغمبر کا نام جلایا پیغمبر کا نام جلایا صحابہ کا نام جلایا وہ پاکستان کی سرزمین پر پاکستان کے قانون کے مطابق زندہ رہنے کا حق دار نہیں کوئی مائی کا لال نہ اسے مومن کہتا ہے نہ اسے زندہ رہنے کا حقدار کہہ سکتا ہے کیوں اسلحہ لہراتے پھرتے ہیں دھمکیاں دیتے پھرتے ہیں اور کوئی ضرورت سے زیادہ ہی ہماری انتظامیہ ان سے مرغوب

ہوگئی درجنوں آدمی گرفتار کر لئے۔ سمجھتے ہوئے کہ یہ بے گناہیں یہ سمجھتے ہوئے کہ جن آدمیوں کو یہ نامزد کر رہے ہیں وہ امن کے علمبردار ہیں شورکوٹ میں امن کے قیام کے لیے ان کا ایک کردار رہا ہے جب سارے افسران یہ مانتے ہیں پھر نام کیوں لکھے گئے پاکستان میں موجودہ حکومت کے برسر اقتدار آنے کے بعد یہ پہلی ریت ہے اس سے پہلے اس حکومت میں نہیں تھی غلط نام اور میں کہتا ہوں کہ اپنی تفتیش کر لیجئے تحقیقات کر لیجئے جو نام انہوں نے لکھوائے ہیں حاجی نذیر اخلاق خالد غنی صاحب تحقیقات کر لو مجھے نہیں ضرورت وہ قرآن پر حلف دے دیں کہ یہ گناہ گار ہیں ویسے انہوں نے بھی کہا کہ انہوں نے مارا نہیں انہوں نے اشارہ کیا ہے۔ علاقہ کے معزز لوگ اشارہ کرتے ہیں کہ اسے مار دو میں کہتا ہوں اگر اشارہ ثابت ہو جائے اشارہ ثابت ہو جائے تو میں اپنے ہاتھوں سے تمہارے ہاتھوں میں بھی دوں گا اور معافی کی اپیل بھی نہیں کروں گا اپیل بھی نہیں کروں گا میں نے امن کے لیے اور آپ ہمارے ضلع کے نئے ذمے داران ہیں میں نے اپنی طرف سے آپ کو تحفہ دیا ہے اپنی قیادت کی موجودگی کے باوجود میں نے آپ کو تحفہ دیتے ہوئے میں نے کہا آپ یہ نہ سمجھیں کہ یہ ضدی ہیں لیکن یہ بات برداشت نہیں قتل غلط ہے غلط ہے غلط ہے قابل مذمت باعث نفرت بے زاری کا اعلان کرتا ہوں میری جماعت کی پالیسی نہیں؟ قتل و غارت گری ہم تو دلائل کی بات کرتے ہیں میرے ہاتھ میں تلوار لوہے کی نہیں جو ایک ایک کا سر اڑائے میرے ہاتھ میں تلوار دلیل کی ہے جو باطل کی گردن پر ایک ہی مرتبہ چلتی ہے تو باطل کا صفایا کر دیتی ہے۔ دلیل کی تلوار ہے لوہے کی تلوار پر ہم یقین نہیں رکھتے ہم نہیں چلاتے گولیاں اور نہ ہم گولیاں چلانے والوں کو ملک کا قوم کا خیر خواہ سمجھتے ہیں اور سنو بات کسی کو دکھ ہو یا تکلیف ہو میں

ریاض بسرا کی پالیسی سے متفق ہوں اور نہ ہی سپاہ صحابہ ریاض بسرا کی پالیسی سے متفق نہیں ہے کسی کو تکلیف ہے میری جماعت سے نکل جائے کوئی قتل و غارت گری میری جماعت کی پالیسی نہیں یہ حق نواز کی پالیسی نہیں یہ میرے ضیاء الرحمٰن کی پالیسی نہیں اگر ہوتی تو مجھے بتلاؤ جھنگ والو مولانا حق نواز نے اپنی زندگی میں کتنے قتل کروائے بتلاؤ جھنگ والو کتنے قتل کروائے کوئی شیعہ قتل کروایا یا کسی شیعے کا گھر لٹوایا کسی شیعے کے گھر ڈاکہ ڈلوایا (نہیں) پھر میں کہتا ہوں کہ یہ میرے قائد کی پالیسی نہیں لشکر جھنگوی کی پالیسی سپاہ صحابہ کی پالیسی نہیں اور جو تم نہیں کہہ سکتے میں کہتا ہوں آپ کو پتا ہے یہی تھے بہت سارے لوگ کلاشنکوف اُٹھائے پھرتے تھے لوگ ان سے ڈرتے تھے اعظم طارق تھا جو ان کے منہ پہ تھپڑ مارا کرتا تھا کیوں ڈروں میں کسی سے نہ میں کسی اپنے سے ڈرتا ہوں اور نہ کسی بیگانے سے میں ایک خدا سے ڈرتا ہوں جو حق ہے مجھے سمجھاؤ میں ڈنکے کی چوٹ پہ کہوں گا جو غلط ہے وہ بھی ڈنکے کی چوٹ پہ کہوں گا اس لیے میں سرعام کہتا ہوں کہ قتل و غارت گری کے ہم قائل نہیں اور یاد رکھو یہ لفظی نہیں حکمرانوں لفظی بات نہیں چھنی میں چھانا ہے نواز شریف نے شہباز شریف نے جس کو پکڑا جہاں سے کہا کہ اعظم طارق کا نام لو اعظم طارق کا نام لو لٹکا لٹکا کے لڑکے بے ہوش کر دیئے جب نہ منوا سکے نام تو گولیاں مار کر شہید کر دیئے ایک مطالبہ ہوتا تھا پہلا کہ ہمیں اعظم طارق نے کہا تھا کہ شیعہ کو مارو وہ کہتے کہ ہم کیسے کہہ دیں وہ روکنے والا تو ہے مگر حکم دینے والا نہیں اور میں کہتا ہوں یہ میری پالیسی نہیں اگر بالفرض والمحال میں نے یہ پالیسی اپنالی تو میں ڈنکے کی چوٹ پہ کہوں گا پھر ایک نہیں ایک دن میں ہزار ہزار مریں گے۔

لبیک لبیک اللّٰھم لبیک

میں نے نہ کسی کی قبر میں جانا اور نہ کسی نے میری قبر میں آنا جو دین کے مطابق سمجھتا ہوں جو شریعت کے مطابق سمجھتا ہوں جس میں اپنی اور آپ کی نجات سمجھتا ہوں۔ وہ کہتا ہوں آپ کیا جانیں یہ کوئی معمولی بات نہیں ایسے ایسے لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ آپ ایک فون کر دیں۔ پچاس لاکھ لے لیں کروڑ لے لیں میں نے کہا ایسا نہیں ہوگا مجھے کروڑوں کی ضرورت نہیں ہے۔ میں عرض کر رہا تھا لاکھوں روپے ایک فون پہ میں نے کہا ایسا کبھی نہیں ہوگا ہم کسی کو کوڑا دھمکا کر چاہے کروڑ ہو چاہے پتھر کا ایک روڑا ہو حرام سمجھتے ہیں حرام سمجھتے ہیں حرام سمجھتے ہیں۔

بعض دفعہ تین تین مہینوں کا آج میں نے پوچھا ہے ایک دو دنوں میں دو مہینوں کا ایڈوانس بھیج رہے ہیں عید الاضحیٰ آ رہی ہے ایڈوانس بھیج رہے ہیں کسی کے بکرے قربانی کو دیکھ کر دل چھوٹا نہ کرنا ان تین مہینوں کا ایڈوانس بھیج رہے ہیں تم بھی بکرا لے کر ذبح کروا اپنے بابا کے نام پر دوستو جماعت ہے آپ حیران ہوں گے گذشتہ ایک سال کا خرچا اخراجات ہوتے ہیں وہ زیادہ ہوتے ہیں یہ زکوٰۃ صدقات کے پیسے خرچ ہوتے ہیں ان کا وہ وہ وچر لگ بنتا ہے وہ ویلفیئر ٹرسٹ ہے وہ رقم بھی اس کی لاہور کے اکاؤنٹ میں نہیں جو جماعت کی رقم ہے وہ جھنگ کے اکاؤنٹ میں اور جماعت کا اکاؤنٹ الگ ویلفیئر ٹرسٹ کا اکاؤنٹ الگ رسیدیں الگ وچر الگ ایک کروڑ دس لاکھ روپے ایک سال میں سپاہ صحابہ نے خرچ کیے ایک کروڑ دس لاکھ؟ آؤ بھری پڑی ہیں کتابیں کتابیں رسیدیں رجسٹرڈ کوئی پڑھنا چاہے پڑھ کر دیکھ لیں رسیدیں دیکھ لیں کسی نے کوئی پیسہ دیا ہے نام دیکھے کوئی نام نہیں بتلانا چاہتا نمبر بتلائے رسید کا اسے پتا چل جائے گا اسے پتہ چل جائے گا ایک کروڑ دس لاکھ بھی ایک کروڑ

دس لاکھ روپے کہنا آسان ہے کوئی درختوں کو نہیں لگے جو اُتار اُتار کر لوٹا رہے ہیں آپ ہی لوگ ہیں آپ ہی ساتھی ہیں جماعت ہے جماعت آپ یہاں پریشان ہیں لوگ آپ کے لیے باہر پریشان ہو جاتے ہیں اس لیے یہ وقت تھوڑا ہے آپ سے یہ بات کرنی ہے کہ عیدالاضحیٰ آ رہی ہے عیدالاضحیٰ کے موقع پر آپ نے قربانی کرنی ہے اور قربانی کی کھالیں اپنے شہیدوں کے ورثاء کے لیے اپنے اسیروں کے لیے بھرپور انداز میں جمع کرنی ہیں بتاؤ جمع کرو گے یا نہیں کرو گے ان شاء اللہ صحابہ کے لیے کس کے لیے؟ صحابہ کے لیے جو دیں گے وہ ہاتھ کھڑا کریں بچے نہ کریں ہاتھ کھڑا قربانی کی کھالوں سے بھرپور تعاون کریں یونٹ سازی کریں عہدِ دار بنیں اس عنوان پر میری بڑی تقریریں ہوئیں آپ کو کیا بتلایئے 87 شہروں میں ہم گئے۔ تیس 30 دنوں میں 87 شہر ایک ایک دن میں دس دس تقریریں ہوئیں ایک جگہ تقریر کی میں نے کہا کہ بعض لوگ ہیں وہ کہتے ہیں کہ سپاہ صحابہ کام بہت اچھا کر رہی ہے کام بہت اچھا کر رہی ہے ہم آپ کا ساتھ تو دیں گے مگر پیچھے رہ کر ہمیں سامنے نہ لے کر آؤ کیوں کہتے ہیں ہم نظروں میں آ جائیں گے کس کی دشمن کی کس کی نظر میں دشمن کی نظر میں حکومت کی نظر میں میرا سوال ہے یہ کیا دشمن کے ہاتھ میں موت و حیات ہے کہ نہیں جب یہ جواب دیتے ہو سامنے نہ لاؤ دشمن کی نظر میں آئیں گے ہم حکومت کی نظر میں آئیں گے بات میری سن میں کہتا ہوں میدان میں آ کر کام کر جہاں تم حکومت کی نظر میں آؤ گے جہاں تم دشمن کی نظر میں آؤ گے وہاں تم خدا کی نظر میں بھی آؤ گے اللہ کی نظر میں بھی آؤ گے تین قوتیں ہو گئی دشمن حکومت اللہ تیسری قوت اللہ طاقتور کون اللہ عزت و ذلت کا مالک کون اللہ۔ موت و

حیات کا مالک کون اللہ۔ اگر دشمن کے ہاتھ میں موت ہوتی 22 فروری 2001ء کی تاریخ میں تیرے سامنے بولنے والا یہ شخص آج سے ساڑھے تیرہ سال قبل 19 اگست 1987 کو جب یہ اغوا ہو کر دشمن کا ہاتھ میں جکڑا ہوا تھا وہ اس کی تیز دھار چھری کے ہاتھوں ذبح ہو گیا ہوتا اگر موت دشمن کے ہاتھ میں ہوتی 23 مارچ 1990ء کو یہ آواز خاموش ہو چکی ہوتی اگر موت دشمن کے ہاتھ میں ہوتی تو 22 اگست 1994ء کو یہ مٹی کی چادر اوڑھ کر لیٹ چکا ہوتا اگر موت دشمن کے ہاتھ میں ہوتی تو 18 جنوری 1997 میں جب قیادت بھی ہاتھوں سے ہاتھ چھوڑ کر چلی گئی جو محافظ بن آئے تھے وہ خود غیر محافظ بن کر موت کا لقمہ بن گئے ایک ڈیڑھ لاشوں کا جن سے اعظم طارق کھڑا ہو رہا تھا ثابت ہوا موت دشمن کے ہاتھ میں نہیں موت گولی بم دھماکے میں نہیں راکٹ لنچروں میں نہیں کس کے ہاتھ میں ہے اللہ کے ہاتھ میں ہے جب کہتا ہے مجھے دشمن دیکھ لے گا تو یہ کیوں نہیں سوچتا کہ اللہ بھی دیکھ لے گا کیا تو اللہ کی نظروں میں اوجھل رہے گا کہتا ہے حکومت ذلیل کر دے گی کون ہے ذلیل کرنے والا کون ہوتا ہے ذلیل کرنے والا کوئی نہیں کر سکتا نہ نواز شریف ذلیل کر سکتا ہے نہ بے نظیر ذلیل کر سکی نہ پرویز مشرف ذلیل کر سکتا ہے کر سکتا ہے ذلیل؟ کوئی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا تھا کہ سپاہ صحابہ کا نام مٹا دیں گے جو وہ کہتے تھے ہم میں سے ہے جان جہاں ذرا دیکھے آج وہ ہیں کہاں ذرا دیکھئے آج وہ ہیں کہاں خدا نے اُٹھا کر پاکستان کی دھرتی سے باہر پھینک دیا اب کہتے ہیں واشنگٹن سے خط لکھا ایک شخص نے جنگ اخبار میں انہوں نے کہا کہ میں حیران ہوں کہ وہ بے نظیر جو ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتی تھی وہ بس سٹاپ پر اکیلی کھڑی ہوتی ہے ہاں

ہاں امریکہ میں اکیلی کھڑی ہوتی ہے اور ایک ایسے گھر میں جا کر رات گزارتی ہے جہاں دو چار چار پائیاں ہوتی ہیں کوئی پناہ دینے والا نہیں کوئی ساتھ چلنے والا نہیں اور جب یہ گنجے گئے تو کیا کہنے لگے لوگ مکہ مدینہ چلے گئے میں نے ان کو مکے میں بھی دیکھا مدینے میں بھی دیکھا جو لوگ حج کر کے آئے ہیں وہ بھی جانتے ہیں کہ ایک طواف کے کتنے چکر ہوتے ہیں سات۔ ان کو ایک چکر لگوا کر کہتے چلو ایک چکر ٹوٹل میں نے ان کو مسجد نبوی میں دیکھا جب میں وہاں اعتکاف بیٹھا تھا ایک طرف ہم غریب لوگ چاہیں ریاض الجنۃ میں بیٹھیں چاہیں تو استوارِ عائشہؓ کے پاس نماز پڑھیں چاہئیں تو روضۂ رسول کے سامنے کھڑا ہو کر نماز پڑھیں۔ روضہ رسول کے سامنے کھڑا ہو کر سلام پڑھیں چاہیں تو بابا جبرائیل کے پاس پہنچیں اور ہم نے ان کو دیکھا پہلے جنگلہ بنتا جب جنگلہ بنتا تو قیدیوں کو لا بٹھا دیا جاتا نہ کسی سے سلام نہ کسی سے کلام میں کہتا تھا دیکھو دیکھو یہ وہ مجرم ہیں وہ مجرم ہیں جن کو بارگاہِ نبوت سے بھی معافی نہیں ملی یہ وہ مجرم ہیں جو وہاں بھی قیدی یہاں بھی قیدی اور اب آپ نے سنا ہوگا گزشتہ ہفتے شہباز شریف نے آنا ہے پاکستان۔ کیوں مکہ مدینہ دل نہیں لگتا اب مکہ مدینہ اچھا نہیں لگتا جب یہ بیان چھپا سعودی عرب کی حکومت نے کہا لاؤ پاسپورٹ خبردار باہر جانے کی بات کرتے ہو پانچ دن پہلے اخبار میں بیان چھپا کہ نواز شریف نے خط لکھا شاہ فیصل صاحب سلام کے بعد گزارش ہے پانچ ہفتے کے لیے اجازت دو میں نے لندن جانا ہے میرے ابا بیمار ہیں علاج کروانا ہے جواب ملا ابا جائے تو یہیں ٹھہرا جائے تو یہیں ٹھہرا اخبار میں آیا ہے اب مکہ مدینہ اچھا نہیں لگتا لندن جانا ہے لندن چاہے اب لندن کی پڑی ہوئی ہے اب مدینے کی ٹھنڈی

ہوائیں کہاں گئیں تمہیں مکہ مدینہ نہیں تھا تم سمجھتے تھے کہ ہم باہر جائیں گے لیڈر بن کر واپس آئیں گے 1936 ان کے عہدے دار ہیں پنجاب کے 796 ساتھ چھوڑ گئے وہ چلے گئے۔ پرویز الٰہی کے پیچھے یہ دیکھو مکے مدینے چلے گئے تو مکے مدینے والوں کا ساتھ چھوڑ رہے ہیں بولو یہ لوگ عزت ذلت کے مالک ہیں نہیں عزت ذلت کا مالک پرویز مشرف نہیں یہ کوئی اور نہیں کون ہے اللہ کون ہے اللہ۔ نہ وہ عزت ذلت کے مالک تھے نہ ہیں نہ ہوں گے اللہ ہے اور اللہ ہی رہے گا جب موت وحیات اس کے ہاتھ میں جب عزت ذلت اس کے ہاتھ میں پھر ڈرتا کس سے ہے کیوں؟ چھپ کر کرنا کام کرتا ہے چھپ کر کرنا ہے تو گناہ چھپ کر کر کوئی بے حیائی ہو چھپ کر کر..... گناہوں کی معافی مانگنی ہو کر چھپ کر مانگ دین کا کام چھپ کر یہ کہاں سے منطق سیکھی ہے آپ نے کوئی جواز نہیں چھپ کر کرنے کا ہاں ہمارے ساتھ وہ آئے بولو بولو جو سر اُٹھا کے چلے وہ گھر ہی بیٹھا رہے جو سر جھکا کے چلے اس شخص کی ہمیں ضرورت ہی نہیں ہے یہ جانبازوں کا یہ پروانوں کا یہ دیوانوں کا یہ جان پہ کھیلنے والے لوگوں کا لشکر ہے جماعت ہے تنظیم ہے اگلی بات کیوں نہ ہو سپاہ صحابہ کا معنی صحابہ کے چوکیدار سپاہِ صحابہ کا معنی صحابہ کے سپاہی۔

صحابہ جانثاران مصطفیٰ ﷺ کہتے ہیں صحابہ کی بات کرتے ہو آقا کی نہیں دو تین جملے کہو کہ آقا ہمیں جان سے زیادہ عزیز ہیں آقا جان سے زیادہ عزیز ہیں بولو بولو آقا جان سے زیادہ عزیز ہیں۔

آقا ﷺ سارے جہان سے زیادہ عزیز آقا ﷺ جماعت سے زیادہ عزیز آقا ﷺ

ماں باپ سے زیادہ عزیز اولاد سے زیادہ عزیز آقا آقا آقا میرے آقا ﷺ۔

پیارے آقا ﷺ سے محبت ہے عشق ہے عقیدت ہے جی پھر جو کہتا ہے مجھے جان سے پیارے مجھے سارے جہان سے پیارے ماں باپ سے پیارے اولاد سے پیارے پیارے آقا جان سے پیارے وہ کھڑا ہو کر کہے کہ آج کے بعد میرا چہرا آقا جیسا ہوگا نعرۂ تکبیر آج کے بعد چہرہ آقا جیسا خاموش خاموش وعدہ کرو آج کے بعد آنکھوں میں حیا کا کاجل ڈالیں گے آنکھوں میں حیا کا کاجل ڈالیں گے حلال کی روزی کھائیں گے حیاء کا کاجل ڈالو نمازوں کی پابندی کرو؟

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

عنوان	امریکہ کا اپریشن
بمقام	خانپور
بتاریخ	۱۷ اکتوبر ۲۰۰۱

الحیدری میڈیا
سیل

خطبہ

الحمد رب العالمین والصلوۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین صلی اللّٰہ
تعالٰی علیہ وعلیٰ اٰلِہٖ وصحبہٖ وَمنْ تَبِعھُمْ اجمعین ولعنۃ اللّٰہ
علیٰ اعدء ھم الی یوم الدین
اما بعد
اعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم
بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم
اِنَّ اللّٰہ اشتریٰ من المومنین
انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ
یقاتلون فی سبیل اللہ فیقتلون
ویقتلون
وقال اللّٰہ تبارک و تعالیٰ فی مقام آخر واعدولھم
مااستعطم من قوۃ آلاخر
وقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم اَلْجَنَّۃُ تحت ظلال السیوف
او کما قال علیہ الصلوۃ والسلام
صدق اللہ وصدق رسولہ الکریم ونحن علی ذلک لمن الشھدین
والشکرین والحمد للہ رب العالمین

نہایت ذوق وشوق اور محبت کے ساتھ درود پاک پڑھ لیں

اللھم صلی علی وسیدنا ومولٰنا محمد وعلی ال سیدنا

ومولٰنا وبارک وسلم

یا رب صل وسلم دائما ابدا' علی حبیک خیر الخلق کلھم رب الشرح

لی صدری ویسرلی ..... النصر

انتہائی قابل صد احترام جانشین شیخ التفسیر شیخ الحدیث

حضرت شفیق الرحمٰن درخواستی ؒ صاحب

انتہائی قابل صد احترام علمائے کرام معزز ومحترم بزرگو نوجوانو ساتھیو خانپور اور اس کے اردگرد سے تشریف لائے ہوئے مسلمان ساتھیو جامعہ عبداللہ بن مسعود کا یہ سالانہ اصلاحی اسلامی جلسہ ہے۔ تین روزہ اجتماع کی آخری نشست ہے۔ میرے بعد انشاء اللہ العزیز قائد سپاہ صحابہ علامہ علی شیر حیدری کا آخری خطاب ہونے والا ہے۔ آپ کے سامنے جہادی نظمیں اور ترانے پیش کیے قائد جمیعت مولانا سمیع الحق کا حالات حاضرہ کے بارے میں خطاب ہوا۔ اور یہ بات بھی آپ کے سامنے آچکی ہے کہ بالآخر کائنات کے سب سے بڑے دہشت گرد شیطان کے ایجنٹ امریکہ اور اس کے حواریوں نے طالبان پر حملہ کر دیا ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اب اس کے بعد تقریروں کی کوئی صورت باقی رہ گئی ہو۔ اب قطعی طور پر زبانی موافقت اور محض الفاظی طور پر لمبی چوڑی تقاریر کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ جب سے آپ نے ہوش سنبھالا بڑی تقریریں سن چکے ہیں۔ آپ اب رات دن آخری لمحہ پر جو قبولیت پر دعا گزارنا تھی گزر چکی۔ زندگی کے باقی ایام اب گھر پر گزارنا نہیں ہیں۔ اگر میرے اور آپ کے دل

میں واقعتاً اسلام کی محبت ہے۔ اگر ہم نے کلمہ لا الہ اللہ محمد رسول اللہ پڑھ رکھا ہے۔تو پھر آج جہاد کا علم اٹھا کر اللہ کی کبرائی کے نعرے لگاتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آیئے۔ ضرورت پڑی تو انشاء اللہ افغانستان چلیں گے اور اگر نہ پڑی تو ان شاء اللہ پاکستان میں ہی جہاد شروع کر دیں گے میں خود کئی روز سے ساتھیوں سے کہہ رہا تھا۔ دعا کرو کہ یہ بدبخت حملہ کر دے آغاز ہو جائے۔ یہ اس کی خوش قسمتی ہے اور خوش قسمتی ہے ہمارے حکمرانوں کی کہ اس نے آغاز پاکستان سے نہیں کیا۔ اس نے اور ملک سے حملہ کیا ہے۔ خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں۔ اگر یہ حملہ پاکستان کی سرزمین سے ہوتا۔ یہاں امریکہ کے فوجی اتر گئے ہوتے تو اب تقریر کی مزید ضرورت نہ ہوتی۔ تو میں یہ کہتا کہ اٹھو پاکستان کے ائرپورٹوں پر قبضہ کر لو اٹھو پاکستان کی فوجی چھاؤنیوں پر دھوا بول دو۔ اٹھو نظام مملکت کو اپنے ہاتھ میں لیکر امریکیوں پر امریکہ کے حامیوں پر عرصہ حیات تنگ کر دو۔ ابھی میں نے قائد جمیعت سے پوچھا ہے۔ کیا پروگرام ہے۔ انہوں نے صاف فرمایا کہ صبح کو مشورہ کرتے ہیں۔ میں نے کہا ٹھیک ہے۔ صبح کو مشورہ یا پرسوں مشورہ ہو جائے گا اس لیے آپ تک اطلاع پہنچ جائے گی۔ کاں ہمہ وقت متوجہ رکھیے۔ اپنی قیادت کی آواز کی طرف تیاری رکھیے۔ اسلحہ نہیں تو کوئی بات نہیں بم نہیں تو کوئی بات نہیں۔ کافر ہے تو کرتا ہے تلوار پہ بھروسہ مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتے ہے۔ زبانی پوچھتے ہیں ہم سے تم امریکیوں کا مقابلہ کیسے کرو گے۔ میں نے کہا تمہاری حیثیت ہی کیا ہے۔ تم بتلاؤ جنہوں نے صفحہ ہستی سے ورلڈ ٹریڈ سنٹر نیست و نابود کیا تھا ان کے پاس کونسا اسلحہ تھا۔ اب کہہ رہے ہیں ہمارے آٹھ جہاز چاقوں کی نوک پر اغوا کر لیے اس کا مطلب یہ ہے کہ تم تمام تر ساز و سامان کے باوجود چھوٹے چھوٹے چاقوں کی مار ہو۔ بڑا میڈیا

آیا ہوا تھا اسلام آباد وارے نیارے ہو گئے ہماری حکمرانوں کے سیکشن ہنسٹری ہے۔ پابندیاں اتر رہی ہیں۔ میں نے کہا شکر یہ ادا کرو ہمارا ہم نے پوری دنیا کفر کو ہنڈاپ کرا رکھا ہے۔ تم جیبیں خالی کرو۔ ہینڈاپ کرا کر ہاتھ کھڑے کر دو۔ انہوں نے ہاتھ کھڑے کر دیئے۔ پوری دنیا کفر ہاتھ کھڑی کر رکھی ہے۔ ہماری حکومت جلدی جلدی ان کے ہاتھ خالی کر رہی ہے۔ پابندیاں ڈالو ڈالر چھینو پیسے لے لو۔ جلدی جلدی سے لیکن تم کیسے بے وقوف ہو؟

کھاتے بھی ہماری وجہ سے ہو۔ اور گھورتے بھی ہمیں ہو۔ پابندیاں بھی ہماری وجہ سے ہٹ رہیں ہیں۔ پیسے بھی ہماری وجہ سے مل رہے ہیں۔ خزانہ کے منہ بھی ہماری وجہ سے کھل رہے ہیں۔ اور سب کچھ کھا کر مونچھوں کو تاؤ بھی ہماری طرف دیکھ کر دیتے ہو۔ نیچے کرو مونچھ ورنہ نہ مونچھ رہے گی نہ مونچھ والا منہ رہے گا۔ کیا حیثیت ہے تمہاری مجھے ایک نے پوچھا آپ کیا کریں گے۔ میں نے کہا ابھی آپ کو یہ نہیں پتا چلا۔ آپ لے آیئے۔ پی آئی اے کے صرف پانچ جہاز کافی ہیں۔ یہ تو حملہ بھی ہمارا ہے۔ ملک بھی ہمارا ہے۔ طیارے بھی ہمارے ہیں۔ پانچ جہاز کافی۔ ایک جہاز ایک بٹیرے کیلئے ایک جہاز ایک چھاؤنی کیلئے۔ دو تین جہاز دوسرے کاموں کے لیے مسئلہ ختم وہ کام کر گئے۔ جہاز جو کام ایٹم بم نہ کر سکے۔ تو دوستوں جہاد کا وقت ہے۔ اب کچھ کام کرنے کا وقت ہے۔ اس لیے اب جہاد کی بات کرو۔ جنگ کی بات کرو۔ لڑنے کی بات کرو۔ دشمن سے نبرد آزماؤ۔ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالنے کی بات کرو۔ اس کے پنجوں میں پنجے ڈالنے کی بات کرو۔ کہہ رہے ہیں۔ جناب جہاد کی بات نہ کرو یہ دہشت گردی ہے۔ یہ دہشت گردی ہے۔ میں کہتا ہوں اگر جہاد کا نام دہشت گردی ہے تو جہاد کا نام رکھنے والی ماٹو فوج کا پاکستان میں بنانا یہ دہشت گردی نہیں

ہے۔ اچھا مجھے بتلاؤ۔ یہ جو آپ نے ایٹم بم بنایا تھا۔ یہ ایٹم بم شوپیں میں رکھ کر مینار پاکستان پر دیدار کرنے کیلئے بنایا ہے۔ کیوں بنایا ایٹم بم (لڑائی کیلئے) پانچ لاکھ فوج بھرتی کیوں کی۔ (لڑائی کیلئے) الخالد ٹینک کیوں بنایا (لڑائی کیلئے) قرض پر ہیلی کاپٹر کیوں لیے (لڑائی کیلئے) اگر لڑائی جنگ جہاد کی بات دہشت گردی ہے تو پھر فوج ختم کرو۔ اور ٹینکوں کو بسوں کی جگہ لے آؤ۔ اور پھر ہیلی کاپٹروں کو ملتان ائر پورٹوں لے آؤ۔ پانچ پانچ روپے میں خانپور چلتے ہیں۔

اگر لڑائی کا نام دہشت گردی ہے تو فوج کس لیے ہے۔ پھر یہ ایٹم بم کس لیے ہے پھر آب دوزیں کس لیے ہیں۔ پھر ٹینک کس لیے ہیں۔ سب کچھ کس لیے۔ (لڑائی کیلئے) اور ہمارے ملک کا حکمران وہ شخص ہے جو اس پاک فوج کا سربراہ ہے۔ جس فوج کا ماٹو ہے ایمان تقویٰ جہاد فی سبیل اللہ تمہارے مر جائیں تو دہشت گردی ہمارے عراق میں مریں تو جرم ہمارے کسوا میں تڑپتے کو امن ہمارے چیچنیا میں تڑپے کو امن ہمارے کشمیر میں تڑپے تو امن ہمارے مر گئے مکھی مچھر تمہارے مر گئے اشرف المخلوقات دنیا میں مسلمانوں پر گراؤ یہ اقوام متحدہ سلامتی کا فرمان اور کوئی بم تمہاری طرف جا پڑے تو دہشت گردی کونسی دہشت گردی کیا معنی ہے دہشت گردی کا۔ دہشت گردی کا یہ معنی نہیں ہے۔ جو تم کر رہے ہو۔ دہشت گردی کا معنی وہ ہے جو اسلام قرآن مسلمان بتلاتے ہیں۔ تم نے تو پوری دنیا میں اندھیرا مچایا۔ تم نے پوری دنیا میں ظلم و تشدد اور بربریت کا طوفان مچا رکھا ہے۔ آئے روز عراق پر بم گریں۔ آئے روز کسوا بوسنیا مقتونیا مسلمانوں کو باندھ کر تم نے تو سرکاری درندوں کے سامنے ڈال دیا۔ تم نے پوری دنیا میں ظلم کا بازار گرم کیا۔ یہ دہشت گردی نہیں تمہاری دو چار عمارتیں زمین بوس ہو

گئی۔نہیں مانتے ہم اس کو دہشت گردی یہ ردعمل ہے یہ ایسے کوتسیا ہے۔ یہ سوال کا جواب ہے۔ عالم پورے کی آواز ہے۔اور میں وہی کہا کرتا ہو۔ میں تمہیں کہتا ہوں حکمرانو! امریکیوں وفا کرو گے وفا کریں گے۔

حیا کرو گے حیا کریں گے جفا کرو گے جفا کریں گے ۔

تباہ کرو گے تباہ کریں گے ظلم کرو گے ظلم کریں گے۔

ستم کرو گے ستم کریں گے۔ جبر کرو گے جبر کریں گے۔

رحم کرو گے رحم کریں گے۔ کرم کرو گے کرم کریں گے۔

ہم آدمی ہیں تمہارے جیسے ..... جو تم کرو گے وہ ہم کریں گے تم بم گراؤ۔ ہم جواب میں پھول گرائیں یہ نہیں ہوسکتا تم ہمارے بچے ذبح کرو ہم تمہاری تعریف کریں یہ نہیں ہوسکتا تم امت مسلمہ کو آگ وخون میں تڑپا دو۔ یہ نہیں ہوسکتا تم ایک بچے کی گردن پر چھری چلاؤ گے۔ ہم تمہارے ہزاروں کی گردنوں پر تلوار رکھیں گے۔

(پاکستان کا وزیراعظم طارق اعظم طارق اعظم)

(پھر مولانا کہتے ہیں)

میں پاکستان کا وزیراعظم ہوتا۔ تو پاکستان میں ملا عمر اور اسامہ بن لادن کا استقبال ہوتا۔ میں وزیراعظم ہوتا تو میں امریکہ کو بتلا دیتا کہ یہ ایٹم بم ہم نے تمہارے لیے بنا رکھا ہے۔ ادھر میلی آنکھ سے دیکھو گے تو اڑا کے رکھ دیں گے۔ (انشاءاللہ)

لیکن کوئی بات نہیں کیا ہوا۔ ہم وزیراعظم نہیں۔ لیکن پوری قوم ہمارے ساتھ ہے۔ اللہ کی مدد ہمارے ساتھ ہے۔

ہم چھین لے گئیں تم سے یہ شان بے نیازی
تم مانگتے پھرو گے غرور اپنا

کیا سمجھتے ہو تم امریکہ کے قیدیوں امریکہ کے نمک خواروں امریکہ کے بے لگام غلاموں یہ قوم ضمیر فروش قوم نہیں ہے۔ کہتے ہو کھانے کو مل رہا ہے۔ ڈالر مل رہے ہیں۔ لعنت ہے ایسے ڈالروں پر لعنت ہے ایسی منزن فضاؤں پر ایک ہاتھ سے ڈالر کھاؤں دوسرے ہاتھ سے امریکہ کی بندوق رکھ کر بھائی کا سینہ چھنی کرواؤں لعنت ہے ایسی زندگی پر لعنت ہے ایسی ذات پر لعنت ہے ایسی روزی پر لعنت ہے ؎

اے طائر طاعوتی اس رزق سے موت اچھی
جس سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

کیا کہہ رہے ہو۔ ڈالر مل رہے ہیں۔ ڈالروں کے بھوکوں رات کو ڈالروں سے صندوق بھر کر کنجری بھی سویا کرتی ہے۔ شہر میں کنجری اور کنجروں کی حیثیت کیا ہے۔ دنیا میں ضمیر فروشوں کی کوئی عزت نہیں۔ ہمیں کہتے ہیں پاکستان کی بات کرو۔ میں بھی کہتا ہوں ہاں پاکستان کی بات کرو۔ آؤ پاکستان کی بات کریں۔ تم بھی پاکستان کی بات کرو۔ میں بھی پاکستان کی بات کرتا ہوں۔ تم استحکام کی بات کرو سلامتی کی بات کرو۔ خوشحالی کی بات کرو ہم سے منصوبے باندھ لو۔ حصے کا کام ہم کریں گے۔ ایک حصہ تم کر لینا آؤ پاکستان کی بات کرو۔ لیکن جب تم پاکستان کی بات کی بجائے۔ امریکہ کی بات کرو گے تو پھر میں طالبان کی بات کروں گا۔ تم پاکستان کی بات چھوڑ کر بش کی بات کرو گے میں پھر اسامہ کی بات کروں گا۔

اور تم ڈھونڈتے پھرتے ہو اسامہ بن لادن کو۔ اور میں تمہیں کہتا ہوں۔ جرم بتاؤ کیا

ہے اس کا کہتے ہیں ۔ وہ علی الاعلان اعلان جہاد کرتا ہے۔ وہ سرمایہ داری اشتراکیت وہ امریکہ کی نام نہاد سپر ایجنسی کے خلاف نشان بغاوت بن چکا ہے۔ وہ کہتا ہے جزیرۃ العرب سے یہود و نصاریٰ نکل جائیں میں کہتا ہوں اگر یہ جرم ہے۔ تو میں کہتا ہوں جزیرۃ العرب سے نکل جاؤ۔ میں کہتا ہوں۔ اسلام اور مسلمانوں کے وسائل واپس کرو۔ میں کہتا ہوں یہود و نصاریٰ کی فوجوں کو جزیرۃ العرب سے نکل جانا چاہیے۔ میں کہتا ہوں تم سے جہاد فرض ہے میں کہتا ہوں تم سے قتال فرض ہے وہ اسامہ ملے یا نہ ملے۔

میں اسامہ ہوں میں اسامہ ہوں

میں اسامہ ہوں

تم سے اعلان جہاد کرتا ہوں تم سے اعلان بغاوت کرتا ہوں تم سے لڑنے کی بات کرتا ہوں تم سے جگہ جگہ پر گلی گلی میں شہر شہر میں بستی بستی پوری دنیا میں تم سے جہاد کی بات کرتا ہوں ۔ پکڑنا ہے تو مجھے پکڑو۔

؎ یہ بازی موت کی بازی ہے یہ بازی تم ہی ہاروں گے

ہر گھر سے اسامہ نکلے گا تم کتنے اسامہ مارو گے

لڑنا چاہتے ہو ہم لڑنے کو تیار ہیں.....

مارنا چاہتے ہو ہم مرنے کو تیار ہیں.....

لڑنا منظور مرنا منظور گردنیں کٹوانا منظور سنو یہ وہ قوم ہے اگر بھڑک گئی سر بلندی ان کی فطرت میں انہیں لوٹنا نہیں آتا سر جھکانا نہیں آتا۔

مت سیکھاؤ میری قوم کو بے غیرتی کے سبق

مت پڑھاؤ میری قوم کو بے حیائی کے سبق مت بتاؤ۔ میری قوم کو ضمیر فروشی کی داستان سرکاری مولوی ٹی وی پر آ رہے ہیں۔ باہر نکل کر دیکھو دنیا تمہیں کیا کہتی ہے۔ ٹی وی پر آ کر فلسفے دیکھاتے ہو۔ اور ایک کہتا ہے۔ جو اسلام کی تشریح میں کر سکتا ہوں وہ کوئی اور نہیں کر سکتا۔ سچی بات ہے۔ جو چودہ سو سال میں کسی محدث نے کسی مفکر نے۔ مفسر نے نہیں کی۔

جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث میں نہیں ہے۔ جو قرآن میں نہیں ہے۔ جو حدیث میں نہیں ہے۔ وہ خود ساختہ تفسیر تو کر سکتا ہے اور کوئی نہیں کر سکتا۔ چیلنج کے طور پر کہتا ہوں ۔حکمرانوں کے منظور نظر کیا ہے۔ ہم تم سے ناواقف نہیں تیرے میرے گھر کے درمیان ایک دیوار ہے۔ تو بہادری کی باتیں کرتا ہے۔ میں جھنگ کی گلیوں سے تیرے بیس خاوند ثابت کر سکتا ہوں حضرت مولانا فضل الرحمٰن مدظلہ العالیہ وہاں تشریف لائے مسجد حق نواز میں ایک شخص مجھے کہنے لگا میرا تعارف کرا دو۔ میں نے کہا اللہ بخش تیرا کیا تعارف کراؤں اللہ بخش نہ کہو حضرت نو دسو۔ میویں ایدا کسھم آں۔

حکمرانو پالیسی بدلو۔ پالیسی بدلو۔ مجھے خدشہ ہے اس بات کا حکمرانوں تمھاری غلط پالیسوں کی وجہ سے پاکستان کی مقدس فوج کا معیار گر جائے گا۔ تمہاری پالیسیوں کی وجہ سے ہماری پاک فوج اپنا وقار کھو جائے گی پالیسی بدلو۔ ورنہ ملک خانہ جنگی کا شکار ہو جائے گا خدا کی قسم یہ کیسے ممکن ہے۔ طالبان پر بم گریں ان کے لاشے تڑپیں وہاں گولیوں کی بارش ہو۔ وہاں میزائل گریں۔ بی بی سی لندن دنیا کا میڈیا ان کو تڑپتا ہوا دکھائے وہ تڑپ رہے ہو۔ ماہی بہار کی طرح وہ پھڑک رہے ہو۔ زہریلی گیسوں میں یہ قوم چپ رہے یہ قوم غفلت کی نیند سو رہی ہے۔ یہ نہیں ہو گا نہیں ہو گا نہیں ہو گا وہ تڑپیں گے میں تڑپوں گا وہ مریں گے تو میں

مروں گا۔ انکی زندگی میری زندگی ان کی زندگی قوم کی زندگی۔ وہ جیئے تو ہم جیئے۔ وہ مرے تو ہم مرے ہم وہ جدا نہیں ہے۔ ہم وہ ایک ہیں ایک ہیں ایک ہیں وہ تڑپیں گے ہم تمہیں تڑپا دیں گے۔ طالبان تنہا نہیں ہوتم۔ اکیلے نہیں ہوتم امیر المومنین تیرے جانثار لاکھوں ہزار۔

امیر المومنین خدا نے تمہیں ویسے ہی بڑا حوصلہ دیا ہے قربان تیری جرات پر قربان تیری بہادری پر قربان تیری جسارت پر گذشتہ اتوار کبیر والا میں ختم بخاری کے موقوع پر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ العالیہ سے ملا الگ تنہائی میں میں نے کہا آپ کل ہی تشریف لائے ہیں۔ افغانستان سے ارشاد فرمایا ہم نے کہا سیدی امیر المومنین حالت بہت نازک ہے۔ عالم کفر ایک ہو چکا ہے۔ افغانستان کا گھیراؤ ہو رہا ہے۔ بچنے کی صورتیں معدوم ہو رہی ہیں۔ حملہ کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ تھوڑی سی نرمی تھوڑی سی لچک پیدا کر لیجیے سب کی باتیں سننے کے بعد ایک بات کہی مرد قلندر نے فرمایا تمہاری نظریں اسباب پر میری نظر مسبب الاسباب پر مبارک ہو مبارک ہو مبارک ہو۔ خدا نے اس دور میں تمہیں عمر ثانی دے دیا ہے۔ خدا نے اس دور میں تمہیں خالد بن ولیدؓ کی جگہ اسامہ دے دیا ہے۔ خدا نے تمہیں دو لائنیں دے دی ہیں۔ اب قدر کرنا تمہارا کام ہے۔ ہمارا کام ہے۔ یہ تمہاری بھول ہے اسامہ تمہیں مل جائے گا۔ اسامہ مل گیا۔ تو کیا ہوگا۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

خدا نے تم پر رحم کی بارش کی۔ اس کی عطاؤں کی انتہا ہوگئی اس نے تمہیں حوصلہ دینے والا اسامہ بن لادن دے دیا ہے۔ جس کے نام سے دنیا لرزہ براندم ہے۔

(ہے یا نہیں ہے) ایسی قیادت مل گئی عظیم سیادت مل گئی عظیم قیادت مل گئی۔ اب جانثاروں کی ضرورت ہے۔ اگر خالد و عمر مل گئے ہیں تو پھر ضرار بن کے اٹھو اگر امریکہ اور برطانیہ مل گئے ہیں تو پھر شیر بن کے اٹھو۔ اٹھو سپاہ صحابہؓ کے نوجوانوں اٹھو مذہبی جماعتوں کے رضا کارو! دین کی محبت کے دم بھرنے والو اٹھو اٹھو میدان میں آ کر احد و بدر کی یاد تازہ کر دو۔

؎ قضائے بدر پیدا کر فغائے بدر پیدا کر
فرشتے تیری نصرت کو اتر سکتے ہیں قطار اندر قطار اب بھی

اتر سکتے ہیں۔ اور میں کہتا ہوں۔

ایک وقت تھا سیدنا خالد بن ولیدؓ نے فرمایا تھا۔

سات ہزار کیلئے 30 کافی بلکہ اکیلا کافی پھر ساٹھ ہزار کیلئے ساٹھ کافی وہ دور پلٹ آیا ہے۔ اب تو کمپیوٹر کا دور ہے۔ ہم کمزور ہو گئے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے انگلیاں ہلانا تمہارا کام ہے۔ آگے دیکھو میری عظمت کیا کرتی ہے۔ کمپیوٹر کا دور ہے بھائی۔ پہلے دور میں بادشاہ آئے پچاس سال مخالفین پچاس سال سزا سولی پر لٹک رہے ہیں۔ بادشاہ آیا تو انتقام کا سلسلہ چالیس سال دراز اور یہ کمپیوٹر کا دور ہے۔ دو سال اندر دو سال باہر کمپیوٹر کا دور ہے۔ جلدی جلدی فیصلے ہو رہے ہیں۔ دور ہے کمپیوٹر کا ایک ایک کا گلہ دبانا پڑتا تلوار سے صبح سے شام ہو جاتی۔ سوا لاکھ بنا کمپیوٹر کا دور ہے کہنے کو یہ کہتے ہیں ہم یوں کر دیں گے وہ کہتے ہیں ہم وں کر دیں گے نہ تم یوں کر سکتے ہو۔ نہ تم وں کر سکتے ہو۔ تم کچھ نہیں کر سکتے۔ میں مانتا ہوں تمہارے پاس ایٹم بم ہیں۔ میزائل ہیں میں مانتا ہوں تمہارے پاس بہت کچھ ہے۔ لیکن ایک چیز نہیں ہے تمہارے پاس ..... وہ جذبہ نہیں ہے تمہارے پاس جو دل کو حرکت دیتا

ہے وہ دل نہیں ہے تمہارے پاس جو انگلی کو حرکت دیتا ہے وہ چیز نہیں ہے تمہارے پاس جو بدن کو دبایا کرتی ہے وہ تمہارے پاس نہیں ہے۔ وہ ہمارے پاس ہے۔ اس لیے ہم نہیں ڈرتے (لڑنے کو تیار ہو انشاء اللہ) پھر کہہ دو گھروں سے نکلنا ہے۔ طلاقیں دے کر عملی نہیں۔ گھروں سے نکلو واپس نہ پلٹیں گے۔ بچوں کو چھوڑ کر بیویوں کو چھوڑ کر جائیدادوں کو چھوڑ کر سر پر کفن باندھ کر نکلنا تمہارا کام ہے فتح اور کامیابی دینا خدا کا کام ہے۔ یہ کچھ نہیں یہ ایٹم بم یہ امریکی کتے کچھ نہیں ہیں۔ کہتے ہیں امریکیوں کو گالی مت دو۔ (دل دکھدا اے) امریکہ کو گالی دینے سے اگر تمہارے دل میں مروڑ اٹھتا ہے تو میں زیادہ دوں گا۔

حکمرانو پوری قوم کی آواز سنو تم کہتے ہو۔

امریکہ سے مخالفت مول کیسے لیں امریکہ سے مخالفت مول لینے سے تیار نہیں ہو۔ اپنی قوم سے جنگ کرنے سے تیار ہو گئے ہو..... غلط بتایا ہے تم کو کسی نے اگر کسی نے بتایا ہے کہ نظر بند کر دیں گے جیلوں میں ڈال دیں گے۔ قوم کو چپ کرا لیں گے۔ خدا کی قسم ہم جس قوم کو چھوڑیں لیکن قوم ہمیں چھوڑنے کو تیار نہیں۔ جو لیڈر بک جائے۔ جو لیڈر جھک جائے۔ وہ لیڈر چھپ جائے۔ اس لیڈر پر لعنت کر کے میدان سے بھاگ جانا۔ قیادتیں بھی مل جائیں گی۔ وزارتیں بھی مل جائیں گی مل جائیں گی خود نکلو

شاہیں اڑا قیدی پرندوں کو بتا کر
ٹکراؤ سلاخوں سے اوڑو خون میں نہا کر
بازو پہ بھروسہ ہے تو انصاف نہ مانگو
اس دور میں بچھتاؤ گے زنجیر ہلا کر

بازو پہ بھروسہ ہے میدان میں آؤ۔ خدا تمہارے ساتھ ہے۔ نکلو اس پیغمبر کی طرح میدان میں آؤ۔ اس رسول کے جانثاروں کی طرح جو گھروں سے باہر آئے تھے۔ تیر و تلوار نہ تھے۔ جو میدان میں آئے تھے جسم پہ زرہ نہ تھی۔ جو دشمن کے مقابل کھڑے تھے۔ مگر نہتے تھے۔ بڑے نہتے تھے۔ دولت ایمانی جذبہ جہاد شوق شہادت ان کا سرمایہ تھا۔ پھر دنیا نے دیکھا کہ کم من فئة قليلة غلبت فئةً كثرةً بإذن (پ۲ بقرہ ع ۱۶)۔

خدا پہ بھروسہ کرو۔ اللہ پر بھروسہ کرنے والے نہتے بڑے بڑے لشکروں پر بھی ہو سکتے ہیں۔ گئے وہ دن پلٹ دو وہ تاریخ جس تاریخ میں ساری رات دھوم کے انداز میں سنی ہوئی نظموں اور تقریروں پر سر دھل کر چلا جایا کرتے تھے۔

اپنی تاریخ بدلو۔ سوچ کے دھارے بدلو۔

عمل اور کردار کے زاوئے بدلو جتنی تقریریں سنی ہیں اب ان پر عمل کا وقت ہے۔ کیا خیال ہے۔ باخدا کیا کہوں جل رہ ہے دل جب سے سنا ہے قندھار کابل اور جلال آباد پہ بمباری ہو رہی ہے۔ کس جرم میں کس جرم میں باای ذنب من قلت کس جرم میں مارے جا رہے ہیں۔ کس جرم میں بم اور گولیوں سے چھلنی کیا جا رہا ہے۔ جرم بتلاؤ۔ تمہیں جواب آئے گا۔ ایک جرم ہے۔

رقیبوں نے رپٹ لکھوائی جاجا کر تھانے میں
خدا کا نام لیتا ہے اکبر اس زمانے میں

ایک جرم ہے۔ کہ انہوں نے کہا کہ ہم اللہ وحدہٗ لاشریک کے ماننے والے ہیں۔ انہوں نے خدا کو سپر پاور مانا۔ انہوں نے کفر کے سامنے سر جھانے سے انکار کیا ہے۔ یہی

وجہ جرم ہے ان کا اسلام کا نام لینا اسلام کا نفاذ طالبان کا جرم بن گیا ہے آج اس جرم کی سزا دینا کفران کو دے رہی ہے۔ پاکستان کے حکمرانو تم کس جرم کی سزا دینا چاہتے ہو۔ امریکہ یورپ روس برطانیہ اسرائیل ہندوستان کے وزیر اسلام کا جو دفاع کرتا ہے۔ وہ تو اس لیے آتے ہیں۔ اسلام کو ختم کر دیں۔ تم کس لیے تعاون کر رہے ہو۔ تم کس جرم میں ان کی طرف آگے بڑھ رہے ہو۔ کونسے قصور کی سزا دینا چاہتے ہو۔ کہ بائیس سو کلومیٹر لمبی سرحد جو تمہارے لیے محافظ بن کر ہر وقت دکھ سکھ میں شریک ہے۔ تمہارے مفتی محافظ بن کر تمہارے پیچھے کھڑے ہوئے تھے۔ اپنے دوستوں کے سینوں میں گولیاں اتارنا چاہتے ہو۔ جنہوں نے تم کو روس سے بچایا۔ جنہوں نے تم کو انڈیا سے بچایا۔ جنہوں نے دنیائے کفر کے راستے روکے۔ آج ان لوگوں کو قتل کرنے کیلئے آج مسلمانوں کو مروانے کیلئے چڑھ دوڑے ہو۔ لعنت ہے تمہاری ذات پر لعنت ہے تمہارے فیصلے پر غلط سوچ ہے تمہاری۔ یہ خبیث آئے گا مزائل مار کے چلا جائے گا۔ اور مجھے بتلاؤ نہ ختم ہونے والی دشمنی کے بیج بو کر چلا جائے گا۔ بعد میں تم بتلاؤ کیسی فصل کاٹو گے۔ یہاں سرنگ کی فصلیں کٹا کریں گی۔ یہاں امریکہ کے جانے کے بعد مسلمان ایک دوسرے دست و گریبان ہونگے امریکہ کے جانے کے بعد ہماری آنے والی نسلوں کو صدیوں تک مسلمانوں کو دشمنی دے رہے ہو۔ خدا کیلئے دشمنی کے بیج مت بوؤ مت بو دشمنی کے بیج.....

صدا رہے پھولا یا رب چمن میری امید کا
جگر کا خون دیکر یہ پودے ہم نے پالے ہیں

ہم نے خون جگر سے پروان چڑھنے والی تاج پانی کی طرح ہم اتنے سستے ہو گئے

تمہاری نظر میں۔ وہی بات کرتا ہوں۔

؎ لیے کھڑی ہے بلبل چونچ میں گل
شہید لاش کی تربیت کہاں ہے

اور جو بات کہی تھی مولانا حسین احمد مدنیؒ نے کیا شعر ہے۔

؎ کھلونا سمجھ کر نہ توڑو ہمیں
ہم بھی کسی کے بنائے ہوئے ہیں

کھولنا سمجھ کر توڑ رہے ہو۔ یہ مملکت اسلامیہ جو اللہ نے اس دور میں امت مسلمہ کیلئے یہ آئیڈیل بنا کر ایک مینارہ نور بنا کر بڑی مدتوں کے بعد ایک مملکت اسلامیہ کا وجود آیا تھا۔ دنیا کے نقشے پر کافر لوگ تو چاہتے نہیں ہیں۔ وہ تو چاہتے ہیں کہ منہ کی پھونکوں سے بجھا دیں۔ کفار پھونکیں ماریں کوئی گلہ نہیں۔ تم بھی پھونکیں مار رہے ہو۔ تم بھی بجھانا چاہتے ہو۔ تم بھی ہاں میں ہاں ملا رہے ہو۔ ان کے قدموں میں قدم ملا رہے ہو۔ باز نہیں آؤ گے تو سنو نہیں باز آؤ گے تو سنو جو ہے تمہارے پاس ضابطہ وہ لاؤ۔ جو بغاوت کی دفعہ ہے۔ لاؤ میں باغی ہو۔ میں اعلان بغاوت کرتا ہوں۔ اگر طالبان کے مقابلے میں تم امریکہ کا ساتھ دو گے۔ تم امریکہ کے ساتھ چلو گے۔ تم اس کے حامی بنو گے میں اعلان بغاوت کرونگا بغاوت کروں گا امریکہ سے لڑیں گے۔ لڑیں گے۔ تو تم سے بھی لڑیں گے۔ باز آؤ۔ وہ بھیس ہم کو مت دکھاؤ۔ جب ہمارے ہاتھ تمہارے گریبانوں کو پکڑے ہوئے ہونگے۔ جب گلیوں میں امریکہ کے حامیوں کی لاشوں کے ٹکڑے ہو رہے ہونگے۔ حالت یہ ہے میں نے جمعہ کے دن اسلام آباد میں امریکی پتلے پر کھڑے ہو کر تقریر کر دی۔ کہرام مچ گیا۔ یہ آپ نے کیا کر دیا۔ میں پتلے پر کھڑے ہو کر تقریر کروں۔ تمہارے دلوں میں مروڑ اٹھے۔ ہماری لاشوں میں کھڑے ہو کر

ہمیں چیلنج کرے۔تمہارے ماتھے پر تیور تک نہ آئے۔ بابی عقل و دانش بیاید بار لیست ڈوب مرو۔ایسے بے غیرت لوگوں کی اس پاک سرزمین میں کوئی جگہ نہیں ہے۔

غیرت مند بہادر لیڈر بے خطر خدا پہ بھروسہ رکھنے والی قیادت کی ضرورت ہے۔ اب ہمیں ڈالر پہ بھروسہ رکھنے والی قیادت کی ضرورت نہیں ہے۔تم ڈالر کھاؤ۔ہم تمہیں جوتے کھلائیں گے۔تم امریکہ کی غلامی کے تاج پہن رہے ہو۔ہم تمہیں نفرت کے جوتے ماریں گے۔تمہارے سر پر تکبر کا ایک بال بھی باقی نہیں رہے گا۔کیا سمجھتے ہو یہ قوم پاکستان کی قوم ہے۔الحمد للہ اس کو علمائے دیوبند کی قیادت وسعادت نصیب ہے۔تم ہماری تاریخ سے واقف ہی نہیں ہو۔ہم وہ ہیں جنہوں نے تمہارے اباو اجداد ..... جانتے ہو امریکہ کی ہسٹری کو آپ کو نئی بات بتلاتا ہوں۔ یہ امریکی کون ہیں۔آپ نہیں جانتے جب کولمبو نے امریکہ دریافت کیا اس نے آکر یورپ میں کہا اس کی سرزمین بہت اچھی ہے آب وہوا بہت اچھی ہے۔ چلو امریکہ کو آباد کریں۔ امریکہ جب کوئی نہ جا رہا تھا سوچ سوچ کر کہا ہماری جیلوں میں جو ڈاکو بند ہیں۔ جو قاتل ہیں ہماری جیلوں میں جو بے ایمان ہیں۔ان کو اٹھا کر امریکہ لے جاؤ۔تا کہ یہ جا کر امریکہ کو آباد کریں۔ اوئے! ڈاکوؤں کی اولاد امریکہ چوروں کے لطفے امریکہ بے ایمانوں کی ذریت امریکہ بے ایمانوں کے لطفوں تم کیا جانتے ہو۔ مسلمان کون ہوتے ہیں۔مسلمان کی طاقت کیا ہے۔تمہیں اس کا اندازہ نہیں ہے۔تم بے غیرتوں کی اولاد ہو۔ امریکی مائیں اپنے بچوں کو میدان میں لڑنے کیلئے نہیں جنتی۔ امریکی مائیں اوئے اپنے بچوں کو شراب و کواب کیلئے جنتی ہیں۔ اور مسلمان مائیں اپنے بچوں کو غیرت کے ساتھ جینے کیلئے جنا کرتی ہیں۔مسلمان مائیں اپنے بچوں کو اپنی گھٹی میں شہادت کا

دودھ پلاتی ہیں۔ مسلمان مائیں اپنے بیٹوں کو جہاد کی لوریاں دیتی ہیں۔

جہاد کی لوریاں سن کر جوان ہونے والو۔

اٹھ کھڑے ہو کر نعرے جہاد لگاؤ۔

اٹھو کھڑے ہو کر

نعرہ تکبیر سبیلنا سبیلینا الجهاد الجهاد

طریقنا طریقنا الجهاد الجهاد .

لبیک لبیک اللهم لبیک

تشریف رکھے بیٹھ جایئے شاید اس کے بعد تم اس طرح جمع نہ ہو سکو رات کی ان آخری ساعتوں میں۔

بارگاہ الٰہی میں دست بدعا ہو کر یہ عہد کر کے جانا ہے۔ اب پاکستان کی دھرتی پر جینا ہے۔ تو طالبان کا حامی بن کر جینا ہے۔

جینا ہے تو بہادر بن کر جینا ہے۔

جینا ہے تو مسلمان بن کر جینا ہے۔

پاکستان میں نہ امریکیوں کو آنے کی اجازت ہے۔ نہ امریکہ کے لوٹوں کو پاکستان آنے کی اجازت ہے۔ اور نہ امریکہ کے ٹوٹوں کو حکومت کی اجازت ہے۔ تیار ہو اس لیے.....کال کا انتظار کرو۔ پالیسی کا انتظار کریں سر پہ کفن باندھو گے تو پھر ایسا کرنا۔

کوئی جگنو کوئی ستارہ سنبھال رکھنا
میرے اندھیرو کی فکر چھوڑو بس اپنے گھر کا خیال رکھنا

وما علینا الا البلاغ المبین ۔

عنوان : ظلم کی داستان

بمقام : جھنگ

تاریخ :

الحیدری میڈیا

سیل

میں اپنی چند معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں بالخصوص چند روز قبل حضرت مولانا مختار سیال شہیدؒ کی شہادت کا واقعہ اور اسکے بعد شام کے وقت سلیم فوجی کا قتل کیا جانا اور پھر ایک ساتھ سازش کے تحت اس سارے کے سارے پس منظر کو عوام کی نظروں سے اوجھل کرنے کے لیے اہلسنت والجماعت جھنگ کی عوام کا پولیس کے ساتھ محاذ آرائی کرا کے ایک وحشت اور خوف کے نئے باب کو کھولنا۔ میں آج آپ کے سامنے اس عنوان پر اظہار خیال کروں گا۔

میری آج کی تقریر نہ صرف عوام کیلئے حاضرین کیلئے اور کیسٹ میں سننے والے عائبین کیلئے ایک معلوماتی اور سپاہ صحابہؓ کی ایک داستان اور ایک ظلم کی حیثیت نہیں رکھے گی۔ بلکہ میری آج کی تقریر ضلع جھنگ کی انتظامیہ کیلئے اور پنجاب گورنمنٹ کیلئے وفاقی گورنمنٹ کے لئے بھی ایک آئینہ کی حیثیت رکھے گی۔

اگر گورنمنٹ کے ذمہ دار حضرات میری اس تقریر کے آئینے میں نظر کرنا چاہیے۔ تو پورے ملک کے صورتِ حال ان کو بڑی اچھی طرح نظر آسکتی ہے۔

اور انہیں خود بخود اس آئینے میں نظر آجائے گا۔

کہ پاکستان میں تخریب کار کون ہے؟

دہشت گردی کا آغاز کس نے کیا؟

ملک کی سلامتی اور ملک کی بقا کے خلاف کون جدوجہد کر رہا ہے؟

اور کس نے ہر ہر موقع پر ہر ہر لحہ پر پاکستان کی سلامتی اور بقا کو مدنظر رکھتے ہوئے

اپنا قیمتی سرمایہ لوٹانے کے باوجود

اپنے مستند علماء کرام کا خون بہنے کے باوجود

اپنے نونہالوں کو گولیوں کا نشانہ بنتے ہوئے دیکھنے کے باوجود صبر کا دامن نہ چھوڑا اور کسی طرح بھی حالات کو پراگندہ نہیں ہونے دیا۔

میرے بھائیوں! دکھ اس بات کا ہے کہ آئے دن ظلم بھی اہلسنت والجماعت پر ہوتا ہے۔ طعنہ تشنیں کا نشانہ بھی سپاہِ صحابہؓ بنتی ہے۔ اور ہر طرح کی مصیبت کے پہاڑ بھی ہم پر ٹوٹتے ہیں۔ پھر اگر قانون بھی حرکت میں آتا ہے تو ہمارے خلاف آتا ہے۔

قید و بند کی صعوبتیں اور جھوٹے مقدمات کا نفاذ بھی اگر ہوتا ہے تو وہ بھی ہم پر ہوتا ہے۔

وہ قاتل وہ تخریب کار جابر بڑی تیزی اور چالاکی سے کام کر کے منظر عام سے ہٹ جاتا ہے۔ اور پھر وہ چلانا شروع کر دیتا ہے اس کا انداز وہ پرانا انداز ہوتا ہے جو یوسف علیہ السلام کے بھائیو، نے اختیار کیا تھا، اس کا انداز وہ ہی پرانا انداز ہوتا ہے جو انداز کوفہ کے لوگوں نے اختیار کیا تھا۔

کہ وہ ایک طرف سے امت مسلمہ کو مصیبت کے منہ میں ڈالتا چلا جاتا ہے۔

اور دوسری طرف سے وہ یوسف علیہ السلام کی قمیض لے کر روتا ہوا نظر آتا ہے۔

دوسری طرف سے بھی وہ کوفہ میں ماتم کی فضا قائم کر لیتا ہے۔ قاتل بھی خود ہوتے ہیں تخریب کار بھی خود ہوتے ہیں۔ غیر ملکی ایجنسیوں کا کردار بھی خود ادا کرتے ہیں۔ سارا کچھ کرنے کے بعد بڑی صفائی کے ساتھ، بڑی ہوشیاری کے ساتھ پس منظر میں جا کر اور خاص طور پر مَیں یہ کہنا چاہتا ہوں۔

کیونکہ آج میں نے عرض کیا ہے کہ میری آج کی تقریر پاکستان کی گورنمنٹ کیلئے

ایک آئینے کی حیثیت رکھے گی، چونکہ میں اپنی تقریر کو آج نہایت اچھے کھلے الفاظ میں حقائق کی روشنی میں بیان کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اپنے نیچے والے عملے کو دیکھیں کوئی واقعہ پیش آجائے آپ کا کوئی ڈرائیور شیعہ ہو آپ کا کوئی ملازم شیعہ ہو۔

آپ کا کوئی نائب شیعہ ہو خاص طور پر سی آئی ڈی میں شیعے تھے۔

آئی ایس آئی میں شیعے تھے اور خفیہ ایجنسی میں شیعے گھسے ہوئے تھے۔

کوئی واقعہ پیش آجائے تو ساری خفیہ مشینیں حرکت میں آجاتی ہیں۔ ہر طرف سے ایک ہی آواز دی جاتی ہے ہر طرف سے ایک طرح کے مراسلے آتے ہیں۔

یہ آپ کو صحیح انفارمیشن نہیں آنے دیتے۔

ڈرائیور شیعہ وہ کان بھرتا رہتا ہے۔ نائب شیعہ وہ کان بھرتا رہتا ہے میں ان کو ایک ہی بات کہتا ہوں کہ تمام افسران اپنے نائبین کو دیکھیں ان کے نائبین میں سنی بھی ہیں ان کے نائبین میں شیعہ بھی ہیں وہ سنی کو خاموش پائیں گے وہ سنی کو صلح جو پائیں گے وہ سنی کو خاموش پائیں گے۔

وہ سنی کی زبان سے کوئی ایسی بات نہیں سنیں گے جب بھی ان کے کان میں کوئی معلوماتی بات ڈالی جائے گی جب بھی ان کے سامنے کوئی بات رکھی جائے گی وہ خود محسوس کر لیں گے کہ وہ بات کرنے والا، وہ الزام لگانے والا، وہ اطلاع دینے والا عنصر صرف اور صرف شیعہ کا ہوگا۔ اور کوئی دوسرا نہیں ہوگا۔

میرے بھائیو میں اس کی ایک واضح اور ٹھوس مثال دینا چاہتا ہوں دو جون 1991 کو انٹرنیشنل کانفرنس اسلام آباد مین رکھی گئی اس کانفرنس کیلئے تیاریاں ہو رہی تھیں ہم

نے اس کانفرنس میں شرکت کیلئے پورے ملک میں تشہیر کی اور عوام کو کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی.وہ خفیہ ایجنٹ اور وہ ایران کے ایجنٹ اور تعصب رکھنے والے شیعہ انھوں نے اپنی ایجنسیوں میں اپنی اطلاعات میں حکومتِ بالا تک یہ پیغام پہنچائے یہ حق نواز شہیدؒ کانفرنس اس کا مطلب یہ نہیں ہے اس کا مطلب پروگرام کرنا نہیں ہے۔

یہ اسلام آباد کا گھیراؤ کرنا چاہتے ہیں یہ اسمبلی کا گھیراؤ کریں گے۔یہ اسلام آباد میں دھرنا دیں گے۔یہ حکومت کو مجبور کریں گے۔یہ حکومت سے مطالبات منوائیں گے۔یہ حکومت کو مجبور کریں گے کہ شیعہ کو کافر قرار دو۔یہ وزیروں کو اغواء کرلیں گے۔یہ پاکستان کا نظام ختم کریں گے۔یہ تمام کی تمام اطلاعات تھیں ۔چنانچہ کانفرنس سے ایک روز قبل ہم نے وزیرداخلہ سے ملاقات کی اور ذمہ دارافسران سے ملاقات کی۔انھوں نے کہا کہ آپ کانفرنس نہیں کرنا چاہتے۔آپ تو دھرنا دینا چاہتے ہیں۔آپ تو اسمبلی کا گھیراؤ کرنا چاہتے ہیں۔تب ہمارے ذہنوں میں یہ بات آئی اور کچھ ہمارے لوگوں نے ہمیں بتلایا کہ آپکے خلاف 80فیصد اطلاع آئی ہوئی ہے کہ آپ یہ کام کرنا چاہتے ہیں۔

جب کہ میں خانہ خدا میں کھڑا ہوں جب کہ مسجد حق نواز اللہ کے گھر میں کھڑے ہوکر کہتا ہوں

کہ ہاتھ سے مسلنا ہم نے کبھی اس کے بارے میں سوچا بھی نہ تھا۔اور ہم نے کبھی کسی شخص سے یہ بات نہ کی تھی۔

کہ ہم اسمبلی کا گھیراؤ کریں گے کہ ہم توڑ پھوڑ کریں گے۔

آخر میرا سوال ہے کہ ہم توڑ پھوڑ کیوں کریں گے؟

یہ ہمارا ملک ہے یہ اسمبلی ہماری ہے یہ پاکستان اپنا ہے۔یہ پورے ملک کا نظام ہمارا ہے اگر ہمیں اپنے کسی مطالبے کو پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی گی تو ہمارے پاس جمہوری راستے ہیں ہمارے پاس دلیلی راستے ہیں ہمارے پاس وفد کا انداز ہے ہم اس کے مطابق اپنا کام کرتے آئے ہیں۔

پھر یہ کانفرنس ہوئی اور پوری کانفرنس میں کوئی شخص یہ بات ثابت کر دے کوئی تخریب کاری ہوئی ہو۔کوئی غنڈا گردی ہوئی ہو اسلام آباد کی سڑکوں پر کوئی واقعہ پیش آیا ہو کانفرنس ہو کر ختم ہو گئی شام کو مغرب کی نماز سے پہلے اسلام آباد صاف ہو چکا تھا۔اسلام آباد میں کوئی گاڑی بھی نظر نہیں آئی تھی۔میرے بھائیو! اس کے برخلاف آپ نے دیکھا کہ شیعہ نے باقاعدہ اسلام آباد کا گھیراؤ کیا۔اسمبلی کا گھیراؤ کیا وہاں دھرنا دیا چلو اگر وہ پرانی بات ہے وہ تمہارے ذہنوں میں نہیں آ رہی ہے اس کو تم پسِ پشت ڈال دو گے تو تمھیں یاد ہونا چاہیئے کہ ہماری کانفرنس کے چند مہینے بعد شیعہ کے غنڈے 313 کے قریب بسوں پر سوار ہو کر آئے وزیر داخلہ کے دفتر میں گئے اور وہاں انھوں نے توڑ پھوڑ کی انھوں نے وہاں کے عملے کو زخمی کیا فرنیچر کو آگ لگائی وہ وزیر داخلہ کو تلاش کرتے پھرتے رہے کہاں ہے وزیر داخلہ؟ اگر وزیر داخلہ مل جاتے تو ان کی مرضی میں جو آتا وہ کر گزرتے۔

ان کی تمام تر بدمعاشی کے باوجود ان کو دوسرے روز اس طرح رہا کر دیا جیسے انھوں نے کوئی جرم کیا ہی نہیں آخر میں پوچھنا چاہتا ہوں انھیں رہا کیوں کر دیا وہ کون سی طاقت اور قوت تھی جس نے تمھیں مجبور کر دیا کہ انھیں رہا کرو تمھیں اس واقعہ کے پس منظر میں سب اپنی اطلاعات اور خفیہ ایجنسی کے شعبوں کا مطالعہ کرنا چاہیے تھا تمھیں رپورٹ لینی چاہیے تھی تمھیں

نوٹس لینا چاہیے تھا کہ کانفرنس میں ہنگامہ نہیں ہوا۔انٹرنیشنل کانفرنس میں کوئی دھرنے کی بات نہیں ہوئی تو یہ غلط رپورٹ کیوں دی گئی تا کہ حقیقت آپ کے سامنے آئے۔جن لوگوں نے وزیر داخلہ کے دفتر کو توڑا ہنگامہ آرائی کی اور پوری دنیا میں تمھاری بے عزتی کی تمھارا نظام اتنا ناقص ہے کہ چند غنڈے وزارتِ داخلہ کے دفتر میں داخل ہو کر سارا سامان الٹ پلٹ دیتے ہیں اور تم نے اس کے مقابلے میں دوسرے روز رہا کر دیا مجھے بتاؤ وہ کونسی طاقت ہے جو بار بار مجرموں کو چھوڑنے پر مجبور کرتی ہے۔بار بار ہم بے گناہوں کو گرفتار کرنے پر مجبور کرتی ہے۔

اب میں اگلی بات کرتا ہوں،موجودہ تشدد کی لہر کا آغاز کہاں سے ہوا؟ موجودہ تشدد کی لہر کا آغاز سکندر شاہ سے ہوا،لاہور میں سکندر شاہ کا قتل ہوا اس کا قتل مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی پر ڈالا گیا۔کہ یہ ان کے کہنے سے ہوا۔

سب سے پہلے وہ تقریر لاؤ،سب سے پہلے وہ تحریر لاؤ،سب سے پہلے وہ گواہ پیش کرو۔کہ جن گواہوں کے سامنے جس جلسے پر جس جگہ مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی نے سکندر شاہ کے قتل کا اشارہ بھی کیا ہو۔میرے بھائیو! سکندر شاہ کے قاتل گرفتار ہو چکے ہیں۔تمام کے تمام حکومت کے پاس ہیں۔بقول حکومت کے انہوں نے اقرار بھی کر لیا ہے کہ ہم نے سکندر شاہ کو قتل کیا ہے۔

اس اقرار کے بعد لاہور کے بڑے بڑے افسر ہم سے ملاقات کر چکے ہیں۔ملاقات کر کے وہ خود اپنی زبان سے کہہ چکے ہیں۔قاتل مان چکے ہیں لیکن آج بھی وہ یہی کہتے ہیں کہ ہمارا تعلق سپاہ صحابہؓ سے نہیں ہے اس قتل میں ہمیں سپاہ صحابہؓ کے کسی قائد نے کوئی اشارہ نہیں کیا۔جب قاتل آپ کے ہاتھ میں آچکے ہیں اور قاتل اپنی زبان سے کہتے

ہیں کہ ہم سپاہ صحابہؓ سے بھی تعلق نہیں رکھتے اور ہمیں کسی قائد، کسی لیڈر نے کوئی حکم نہیں دیا ۔تو مجھے بتلاؤ اس سے بڑھ کر کیا زیادتی ہو سکتی ہے۔

سکندر شاہ کے قتل کے بعد دوسرے روز ہی گلگت میں یہ واقعہ پیش آیا کہ گلگت میں سپاہ صحابہؓ کے صدر ریا صدین نوجوان جو ایک با صلاحیت اور با اثر نوجوان تھا وہ اپنی دکان میں بیٹھا ہوا ہے۔مولانا حق نواز جھنگویؒ کی تقریر سن رہا تھا۔

اسی عالم میں کچھ لوگ آئے دکان پر بیٹھے ہوئے سپاہ صحابہؓ کے صدر ریا صدین کو شہید کر دیا۔آگے چوک پر کچھ لوگوں نے روکنے کی کوشش کی انہیں برسٹ مار کر پانچ نوجوان شہید کر دیے گئے۔مجھے بتلاؤ ان کا کیا قصور ہے۔دہشت گردی کا آغاز کس نے کیا؟ قتل وغارت گری کا آغاز کس نے کیا؟ اس سے آگے چلئے 3 جون بدھ کے روز کراچی میں ڈی مارکیٹ کے علاقہ سولجر بلاک سے آگے گزر کر وہاں پر مولانا علی شیر حیدری کی تقریر تھی۔جلسہ رات کے 12، 1 بجے ختم ہوا۔جلسہ ختم ہونے کے بعد نوجوان بسوں پر بیٹھ کر واپس جا رہے تھے۔دو بجے کے قریب اس سولجر بلاک کے قریب اس بھری ہوئی بس میں گرنیٹ مار کر دو نوجوانوں کو شہید کر دیا اور 28 نوجوانوں کو زخمی کر دیا۔

مجھے بتلاؤ کس نے کیا کراچی میں تشدد کا آغاز کس نے کیا؟ کراچی میں تخریب کاری کا آغاز کس نے کیا؟

بتلاؤ کراچی میں قتل وغارت گری کا بازار کس نے گرم کیا۔بتلاؤ رات کی تاریکیوں میں جلسہ سننے والوں پر بم کس نے پھینکیں؟ تم انہیں کیوں نہیں دیکھتے؟ تخریب کار ہمیں کہتے ہو۔تم سے بڑا کوئی ظالم نہیں ہو سکتا۔تم سے بڑا غیر منصف کون ہو سکتا ہے؟

قتل وہ کرتے ہیں ،بم وہ چلاتے ہیں ،تخریب کاری وہ کرتے ہیں ، الزام ہم پر عائد کرتے ہو۔

وائے ناکامی متائے کارواں جاتا رہا

کارواں کے دل سے احساسِ ضیاع جاتا رہا

میرے بھائیو! 3جون کو یہ واقعہ پیش آیا اور صبح جمعرات تھی 4جون کو ۔5جون کو جمعہ کی نماز میں احتجاج تھا اس جگہ پر اس کراچی میں میری جامع مسجد صدیق اکبرؓ احتجاجی جمعہ میں ہزاروں کا اجتماع تھا پُر امن طور پر احتجاج ہو رہا تھا احتجاج ہمارا حق ہے ۔جمعہ کی نماز ہوگئی لوگ واپس جا رہے تھے تو مسجد جامع صدیق اکبرؓ پر نارنگ چورنگی کراچی میں 5جون کو بم مارے جس سے ایک طالب علم شاہد نامی شہید ہوگئے اور درجنوں نوجوان زخمی ہوگئے۔

دن دہاڑے یہ موٹر سائیکل سوار بم مار کر جب بھاگے لوگ ان کے پیچھے بھاگے ، پولیس نے پیچھے بھاگنے والوں پر گنیں تان لیں اور کہا جو ان کے پیچھے بھاگے گا ہم اس کو گولی مار دیں گے۔اگر یہ واقعہ غلط ہے تو تخریب کار میں ہوں ۔اگر اس کی گواہی کراچی کے لوگ دے دیں کہ پولیس نے قاتلوں کو پکڑنے نہیں دیا پھر مجھے کہنے دو شیعہ بھی تخریب کار ہے اور تم بھی اس کی خاطر داری کرتے ہو۔

میرے بھائیو! یہ کراچی کا واقعہ ہے اس واقعہ کے بعد ہم حج پر چلے گئے اس روز ہم نے حج پر جانا تھا۔ہمیں لاہور ائیر پورٹ پر یہ بات معلوم ہوئی ۔اگر اس سے پہلے ہمیں یہ واقعہ معلوم ہو جاتا تو یہ حج کا سفر نہ ہوتا ہم احرام نہ باندھ چکے ہوتے ۔خدا کی قسم کوئی اور سفر ہوتا میں ان لاشوں کو چھوڑ کر کبھی نہ جاتا ۔حج کا سفر تھا ہم نے کہا چلو اللہ کی بارگاہ میں دعا

کریں گے حج پر جا کر جلدی سے جلدی لوٹیں گے۔حج پر بھی جا کر چین نہیں آ رہا تھا۔

گلگت کے حالات سامنے تھے، کراچی کے حالات سامنے تھے پھر پتہ چلا اسی طرح کبیر والا میں زیادتی ہو رہی ہے اور وہاں گرفتاری ہو رہی ہیں اور وہاں بلا جواز کارکنوں کو پریشان کیا جا رہا ہے اور پھر کراچی میں کیا ہوا۔وہاں جا کر ہم نے معلوم کیا تو کراچی کا نتیجہ یہ نکلا کہ آدمی بھی ہمارے شہید گرفتاریاں بھی ہماری ہونے لگیں۔

جامع محمودیہ میں ہمارے بڑے بھائی مہتمم ہیں وہاں چھاپہ مار کر طالب علم پکڑ لیے گئے، باورچی گرفتار کر لیا گیا۔عورتوں کی توہین کی گئی۔گھروں میں گھس کر کارکن پکڑ لیے گئے ۔اور آٹھ روز تک گرفتار کر کے ان کو جیلوں میں رکھا گیا۔بہت سے احتجاج کے بعد عید سے ایک روز قبل انہیں رہا کیا گیا۔میرا سوال یہ ہے جب قتل ہمارے ہوئے، ظلم کا نشانہ ہم بنے اور لوگ ہمارے شہید ہوئے پھر ہماری گرفتاریاں آخر کیوں کی جاتی ہیں؟

میرے بھائیو! بدھ کے دن عرفات کے میدان میں تھے تو میں نے وہیں سے ٹیلی فون کیا تو مجھے حالات کا کچھ علم ہوا۔اس کے بعد اگلا دن جمعرات کا تھا اس دن ہم منیٰ میں تھے۔اور جمعہ کے دن بھی ہم منیٰ میں تھے اور ہفتے کے دن شام کو واپس لوٹے۔ہفتہ کے دن شام کو واپس آ کر ہم نے اتوار کے روز وہاں تھے یہ دن ہم نے مکہ میں گزارے اور اس سے اگلے دن میں نے ٹیلی فون کیا۔

میں فجر کی نماز پڑھ کر PCO پر آیا وہاں پر بہت رش تھا۔میں نے بڑی تیزی کے ساتھ لائن میں لگ کر فون کیا تو مجھے پتہ چلا مولانا مختار سیال کو شہید کر دیا گیا۔

اب میں جھنگ کی طرف آنا چاہتا ہوں۔جھنگ وہ جگہ ہے جہاں پر اگر آپ تھوڑا

سا پیچھے چلے جائیں۔آج اکثر جگہ کہا جاتا ہے اس کو بھی جھنگ بنایا جا رہا ہے۔سپاہ صحابہؓ یہ شہر بھی جھنگ بنانا چاہتی ہے۔یعنی جہاں ہم پر زیادتی ہو، ہم احتجاج کریں، جہاں ہمارے خلاف کوئی کاروائی ہو، ہم احتجاجی جلوس نکالیں، ہم مظاہرے کریں ہم جلسے کریں تو سب سے پہلے ہم پر یہ لیبل لگایا جاتا ہے اس کو بھی جھنگ بنا رہے ہیں۔

جہاں تک جھنگ بنانے کی باتیں ہیں۔جھنگ شہر اس کا نام ہے۔جھنگ شہر کی بنیاد سپاہ صحابہؓ نے تو نہیں رکھی ہے۔یہ تو پرانا نام ہے، یہ اگر کوئی الزام دے کہ تم اس شہر کو جھنگ بنا رہے ہو۔بھئی ہم نے تو جھنگ نہیں بنایا۔جھنگ تو پانچ سو سال پرانا ہے۔جھنگ اگر بنانا جرم تھا تو پھر ہر شہر بنانا جرم ہے۔پھر آپ ان لوگوں سے ناراض ہوں۔جنہوں نے جھنگ بنایا۔ان کو تو شاید میں بھی نہیں جانتا۔اور اس کو بھی جھنگ بنا رہے ہو۔اور کہتے ہیں نہیں جناب۔

جیسے جھنگ میں حالات خراب ہے۔

جیسے جھنگ میں قتل و غارت ہے۔

جیسے جھنگ میں تخریب کاری ہے۔

جیسے جھنگ میں بدامنی ہے تم وہ یہاں کرنا چاہتے ہو تو میں آج کہنا چاہتا ہوں،

جھنگ میں بدامنی کو فروغ کس نے دیا؟

جھنگ کی بدامنی کا ذمہ دار کون ہے؟

جھنگ کی سڑکوں کو خون سے لہولہان کس نے کیا؟

جھنگ میں انسانوں کا خون پانی سے زیادہ سستا سمجھ کر کس نے بہایا؟

چلو آؤ آج اسی مسئلے کو حل کر لیتے ہیں۔ تا کہ دودھ کا دودھ ہو جائے، پانی کا پانی ہو جائے۔ جھنگ کی بات کرتے ہو۔

میرے بھائیو! جب ہم جھنگ کی بات کرتے ہیں تو 22 فروری 1990 سے پہلے جھنگ پُر امن تھا۔ جھنگ میں سکون تھا۔ جھنگ میں کوئی قتل و غارت گری کا بازار گرم نہیں تھا۔ کوئی تخریب کاری نہیں تھی۔ کوئی بم نہیں چلتے تھے۔ کسی آدمی کی جان غیر سلامت نہیں تھی۔ کوئی شخص اپنے آپ کو غیر محفوظ نہیں سمجھتا تھا۔

جھنگ میں قتل و غارت گری کا بازار کیسے گرم ہوا؟

جھنگ میں بدامنی کی فضا کب قائم ہوئی؟

جھنگ کی سڑکیں خونِ مسلم سے کب رنگین ہوئیں؟

جب ہوئیں جب مولانا حق نواز کو شہید کر دیا گیا۔

خدانخواستہ بالفرض والمحال اگر حق نواز کو شہید

کسی مسلمان نے کیا؟

اگر کسی سنی نے کیا؟

اگر کسی مولوی نے کیا؟

اگر کسی لیڈر نے کیا؟

پھر یہ الزام ہم کو دو اگر مولانا حق نواز شہیدؒ کے قاتل شیعہ ہیں اگر ان کے قاتل رافضیت ہے

اگر ان کا قاتل ایران ہے۔

اگر ان کے قاتلوں کی سرپرستی حکومت نے کی ہے۔

شیعت نے جھنگ کو تخریب کاری کا نشانہ بنایا ہے۔

یہ تہمت ہم پر کیوں ہے؟ اگر اس کی بات کرتے ہو یہاں آ کر دیکھ لو۔

قتل ہمارے ہوئے اور قتل ہونے والی شخصیت، شہید ہونے والا انسان کوئی معمولی نہیں تھا۔

یہ شہادت اتنی بڑی شہادت تھی کہ آج تک اتنی بڑی شہادت نہیں ہوئی۔

مولانا حق نواز جھنگویؒ تمہارے نزدیک کوئی ویلیو رکھتے ہو یا نہ۔ لیکن دنیا بھر کے سنیوں کے سینوں کو چیر کر دیکھو، حق نواز کا نام ان کے دلوں پر زندہ نظر آئے گا۔ یہ مولانا حق نواز کا شہید ہونا اور اس پر احتجاج ہونا اس کے بعد مظاہرے ہونا اور یہ ایک فطرتی عمل ہے اور مجھے حیرت ہے اس بات پر کہ جب ہمیں ہی تشدد کا نشانہ بنایا گیا جب بھی سنیوں کو قتل کا نشانہ بنایا گیا۔ اس کے اوپر ہم نے احتجاج کیا، ہم نے پُر امن جلوس نکالے تو ہمارے احتجاج کو تخریب کاری کا نام دے دیا۔

گویا کہ مارتے بھی ہو اور رونے بھی نہیں دیتے۔

اوئے تم تو وہ لوگ ہو جو معمولی معمولی باتوں پر جھگڑتے ہو، تم وہ لوگ ہو جو اسمبلیوں کے قواعد وضوابط کو بالائے تاق رکھ کر اپنی شخصیت کی جنگ لڑتے ہو۔ اپنی ذاتیات کی جنگ اسمبلیوں میں لڑتے ہو۔

تم تو وہ لوگ ہو جو اجلاسوں میں چمچے اور ڈونگے مارتے ہو۔

تم چمچے اور ڈونگے مارتے نہیں شرماتے۔

تم ذاتیات کی لڑائی لڑتے نہیں شرماتے۔

تم قانون پاکستان کی دھجیاں اڑاتے نہیں شرماتے۔

تم پاکستان کی اسمبلی کی عزت کو کردار کشی کرتے نہیں شرماتے۔

تم پاکستان کی اسمبلی کو دنیا کے سامنے ذلیل ورسوا کرتے نہیں شرماتے۔

تم جو چاہو بدمعاشی کرتے چلے جاؤ۔

تم جو چاہو غنڈہ گردی کرو۔

تم جو چاہو عیاشی کرو تمہارے لیے ہر چیز جائز ہے۔

میں اگر اپنے عالم دین کے قتل کا احتجاج کروں تو تم اسے تخریب کاری کہتے ہو۔

اگر اسی کا نام تخریب کاری ہے تو میں اعظم طارق اعلان کرتا ہوں کہ ہم سب سے بڑے تخریب کار ہیں۔

تم جو چاہو کرتے چلے جاؤ، تم کو کوئی پوچھنے والا نہیں۔تم کو کوئی روکنے والا نہیں اگر ہم احتجاج کریں تو ہمارا احتجاج تمہیں تخریب کاری نظر آتا ہے۔

